**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ**
**حکومت بلوچستان**

**مورخہ** 05.09.2025

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
|---|---|---|
| 01 | دہشت گردی کے خلاف مل کر کام کرنے کا عزم سی پیک فیز ٹو کا آغاز 5 نئے کوریڈور بنانے کا فیصلہ، پاک چین وزرائے اعظم کی ملاقات کے بعد اعلامیہ جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | این ایف سی فارمولے میں بلوچستان کا وسیع رقبہ شامل کرنا ضروری ہے، گورنر جعفرمندوخیل۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 03 | غیر قانونی دھندے مستقبل نہیں نوجوانوں کو تعلیم اور ہنر کے ذریعے روزگار دینا چاہتے ہیں، وزیراعلی سرفراز بگٹی۔ | انتخاب ودیگراخبارات |
| 04 | صوبے میں تعلیمی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، راحیلہ حمید درانی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 05 | فی الوقت سیلابی صورتحال کا خطرہ ٹل چکا ہے، صادق عمرانی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ضلع انتظامیہ کے قانونی وانتظامی ڈھانچے میں تبدیلی کا فیصلہ وزیراعظم نے سفارشات طلب کرلی۔ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | صوبائی وزراء کی سردار اختر جان مینگل کی رہائش گاہ آمد۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 08 | وزیر صحت کی زیر صدارت ہسپتالوں کی اپگریڈیشن سے متعلق اجلاس۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | اسلحہ چھیننے کی کوشش کرنے والے کو مار ڈالو یا شہید ہو جاؤ، کمانڈنٹ بی سی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | چمن افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | سیلاب کے باعث بلوچستان میں غذائی بحران کا خدشہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | بلوچستان میں چینی سرمایہ کاری کے لیے بے شمار مواقع ہیں، بلال کاکڑ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | گرین بس آج سے سریاب کسٹم تک چلا کرے گی، عدالت عالیہ کے حکم پر نوٹیفکیشن جاری۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کوئٹہ کا دورہ شہر تجاوزات کے خاتمے کا فوری حکم۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | افغان مہاجرین کے سکولوں کو سیل اساتذہ وطلبہ کو ڈی پورٹ کیا جائے، ڈی سی کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | صحبت پور ویزا سسٹم میں ملوث سب انسپکٹر سمیت چار اہلکار نوکری سے برخاست۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 18 | ژوب، پشین میں اربوں ڈالر مالیت کے نایاب معدنی ذخائر دریافت۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 19 | حکومت صوبے سے پولیو کے خاتمے کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، کمشنر کوئٹہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 20 | بھارت نے بلوچستان میں ٹارگٹ کلنگ مہم چلائی امریکہ کی ترجیح اب پاکستان ہے عالمی جریدہ۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 21 | قبضہ مافیا اور کرپٹ عناصر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا ہدایت الرحمٰن۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 22 | ملک کو چلانے کے لیے بہترین راستہ آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی ہے، محمود خان اچکزئی۔ | جنگ ودیگراخبارات |
| 23 | سیاسی کارکنوں کو نشانہ بنانا افسوسناک اور خطرناک عمل ہے, نواب ثناءاللہ. | جنگ ودیگراخبارات |

## امن وامان:

سوراب کھوریان کے مقام پر گاڑی پر فائرنگ دو افراد جاں بحق، پنجگور وشبود کے علاقے ذراب برساتی نالے سے نعش برآمد، دکی معصوم بچوں کے سامنے باپ قتل رہزن موٹر سائیکل لے اڑے، گنداواہ آنے والی ویگن کے مسافروں کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا، نیو سریاب تھانے پر دستی بم حملہ دو راہگیر زخمی، بختیار آباد اور سوراب میں فائرنگ سے تین جاں بحق۔

We must provide them with dig- and integrate them into the

CS CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

**عوامی مسائل:**

| |
|---|
| کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کی قیمت 2300 روپے ہوگئی، وزیراعلی مجھے روزگار دینے کا وعدہ پورا کریں، حافظ افتاب حسین بگٹی۔ |

**مورخہ** 05.09.2025

**اداریہ:**

روزنامہ میزان کوئٹہ نے "**مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجر کاری!** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ گذشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیر صدارت ہنہ کے پہاڑوں کو سرسبز وشاداب بنانے اور درخت لگانے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ، ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد، اسٹنٹ کمشنر پولیٹکل کلیم اللہ سمیت محکمہ جنگلات اور محکمہ ماحولیات کے افسران نے شرکت کی۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق ہنہ جھیل کے پہاڑوں پر درخت لگانے اور انہیں سرسبز وخوبصورت بنانے کے لیے پلان مرتب کیا جائے گا۔ اس موقع پر پانی کی دستیابی، زیر زمین پانی کی صورتحال، موسمی حالات اور موزوں درختوں کے انتخاب کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجرکاری کی گئی ہے جبکہ مستقبل میں کوئٹہ کے موسم کے مطابق درختوں کا انتخاب کیا جائے گا۔ اس مقصد کے لیے ایک جامع فزیبلٹی رپورٹ مرتب کی جائے گی۔ جس میں ان درختوں کی نشاندہی کی جائے گی جو مقامی ماحول میں نشوونما پاتے اور کم پانی میں زندہ رہ سکتے ہیں۔ اسی طرح سکولوں اور کالجوں میں بھی شجرکاری مہم کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کئے جائیں گے تاکہ معاشرے میں ماحول دوست رویوں کو فروغ دیا جا سکے۔

**اداریہ:**

روزنامہ قدرت کوئٹہ نے "**سیلاب واقعہ کنٹرول سے باہر تھا اور اس کی روک تھام ممکن نہیں تھی** " کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Encouraging Organic farming" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

روزنامہ بلوچستان ٹائمز کوئٹہ نے "Flood Control on High Alert" کے عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے۔

**مضمون:**

روزنامہ آزادی کوئٹہ نے "**تربت پریس کلب حکومت بلوچستان کا ایک شاندار اور تاریخ منصوبہ**" کے عنوان سے چاکر بلوچ نے مضمون تحریر کیا ہے۔

برائے ڈائریکٹر جنرل
نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 SEP 2025

Page No. 1


گوادر پورٹ جلد آپریشنل کرنے، قراقرم ہائی وے اور ریلوے پروجیکٹ مین لائن ون کی ری الائنمنٹ پر بھی اتفاق، 4.2 ارب ڈالر کی مفاہمتی یادداشتوں پر دستخط

# سی پیک فیز ٹو کا آغاز، 5 نئے کوریڈور بنانے کا فیصلہ

دہشتگردی کے خلاف مل کر کام کرنے کا عزم

پاک چین وزرائے اعظم کی ملاقات کے بعد اعلامیہ جاری

ملاقات میں جوائنٹ ایکشن پلان پر اتفاق، چین انسداد دہشتگردی کی صلاحیتوں کو بڑھانے کے لیے پاکستان کی مدد کریگا، چینی اہلکاروں، منصوبوں اور اداروں کی حفاظت کو یقینی بنائی جائیگی

وزیراعظم شہباز شریف اور چین کے وزیراعظم لی چیانگ کا پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط اور ہمہ جہت تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ

چینی شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح، چینی بہن بھائیوں کی سیکورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، چینی سرمایہ کار پاکستان میں سرمایہ لگائیں، تمام سہولتیں فراہم کی جائیں گی، شہباز شریف

چین ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے، چین کا تعاون جلد پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرے، وزیراعظم کا دوسری پاک چین بزنس ٹو بزنس سرمایہ کاری کانفرنس سے خطاب

اسلام آباد (شاکر رحمان) وزیراعظم شہباز شریف اور چین کے وزیراعظم لی چیانگ نے پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط اور ہمہ جہت تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے سی پیک کے اگلے مرحلے میں 5 نئے کوریڈورز پر مل کر کام جاری رکھنے پر اتفاق کیا ہے جبکہ دونوں ممالک کے درمیان سی پیک کے دوسرے مرحلے، سائنس و ٹیکنالوجی، انفارمیشن ٹیکنالوجی، میڈیا اور زراعت سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کے فروغ کیلئے مفاہمت کی یادداشتوں اور معاہدوں پر دستخط کردیئے گئے۔ وزیراعظم آفس کی جانب سے جاری اعلامیکے مطابق وزیراعظم محمد شہباز شریف نے یہاں عوامی جمہوریہ چین کے وزیراعظم لی چیانگ سے ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران دونوں رہنماں نے پاک چین تعلقات میں مثبت پیشرفت پر اطمینان کا اظہار کیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان کی علاقائی سالمیت، خودمختاری اور سماجی واقتصادی ترقی کے لیے غیر متزلزل حمایت پر چینی قیادت اور قوم کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا۔ صدر شی جن پنگ اور وزیراعظم محمد شہباز شریف کے درمیان 2 ستمبر کو ہونے والی ملاقات میں طے پانے والے اہم اتفاق رائے کی بنیاد پر چینی وزیراعظم لی چیانگ اور وزیراعظم شہباز شریف نے پاکستان اور چین کے درمیان مضبوط اور ہمہ جہت تزویراتی تعاون پر مبنی شراکت داری کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اپنے مشترکہ عزم کا اعادہ کیا اور مشترکہ ایکشن پلان۔ (2024-2029) پر دستخط کو اس سلسلے میں ایک اہم قدم قرار دیا گیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف نے کہا کہ پاکستان کی حکومت کی اصلاحات کی انتھک کوششوں کے امید افزا نتائج صرف چین کی بھرپور حمایت کی بدولت ہی ممکن ہوئے ہیں۔

اور چین کے وزیراعظم...... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

انہوں نے جلد ہی چینی کیپیٹل مارکیٹ میں پانڈا بانڈز کی فراہمی کے پاکستان کے ارادے کا بھی اظہار کیا۔ اقتصادی شعبے کے حوالے سے وزیراعظم نے گزشتہ دہائی میں پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں صدر شی جن پنگ کے بیلٹ اینڈ روڈ انیشیٹو (بی آر آئی) کا ایک اہم منصوبے، چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری کی اہم شراکت کو اجاگر کیا اور قراقرم ہائی وے اور ریلوے میں لائن 1- کو دوبارہ ترتیب دینے اور گوادر پورٹ کے جلد فعال ہونے کی ضرورت پر زور دیا۔ دونوں فریقین نے چین۔ پاکستان اقتصادی راہداری کے اپ گریڈڈ فیز 2، بشمول 5 نئے کوریڈروز کے لئے مل کر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ دریں اثناء، وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ پاکستان میں چینی شہریوں کی حفاظت اولین ترجیح ہے، چینی بہن بھائیوں کی سیکیورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے، ایک وقفے کے بعد دوبارہ ہماری حکومت آئی اور چین کے ساتھ تعلقات میں دوبارہ وہی گرمجوشی آئی، چینی سرمایہ کار پاکستان میں جوائنٹ وینچرز میں سرمایہ کاری کریں، انہیں تمام سہولتیں فراہم کریں گے، چینی سرمایہ کاروں کو خصوصی اقتصادی زونز پر پرکشش موقع فراہم کرتے ہیں، چینی صنعتوں کی پاکستان منتقلی سے سستی لیبر اور دیگر سہولتیں میسر ہوں گی، چینی سرمایہ کاروں کے مسائل حل کرنے کیلئے ذاتی طور پر دستیاب ہوں گا، بزنس ٹو بزنس کانفرنس میں شرکت باعث افتخار ہے، چین 75 سالوں سے ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے، بزنس ٹو بزنس کانفرنس مضبوط پاک۔ چین دوستی کی عکاس ہے، ہم سی پیک کا دوسرا مرحلہ شروع کرنے کے لیے تیار ہیں، پاکستان کو چین کے تعاون، تجربات اور ٹیکنالوجی کی ضرورت ہے، چین کا تعاون جلد پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرے گا۔ دوسری پاک چین بزنس ٹو بزنس سرمایہ کاری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ بزنس ٹو بزنس کانفرنس میں شرکت باعث افتخار ہے، اپنی زندگی کی سب سے بڑی کانفرنس میں شریک ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پاک۔ چین دوستی ہمالیہ سے بلند اور سمندروں سے زیادہ گہری، فولاد سے زیادہ مضبوط اور شہد سے زیادہ میٹھی ہے، یہ دوستی باہمی احترام، اعتماد اور ایک دوسرے کے ساتھ تعاون کی خواہش پر مبنی ہے۔ انہوں نے کہا کہ چین 75 سالوں سے ہر مشکل گھڑی میں پاکستان کے شانہ بشانہ کھڑا رہا ہے، بزنس ٹو بزنس کانفرنس مضبوط پاک۔ چین دوستی کی عکاس ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ پاک۔ چین تعلقات دہائیوں پر محیط ہیں، صدر شی جن پنگ نے 2015 میں اسلام آباد کا دورہ کرکے سی پیک کی بنیاد رکھی اور سی پیک کے تحت چین نے خطیر سرمایہ کاری کی۔ شہباز شریف نے کہا کہ اس وقت ہمیں 20،20 گھنٹے تک بجلی کی لوڈشیڈنگ کا سامنا تھا مگر سی پیک کی بدولت پاکستان میں 3 سال کے دوران توانائی بحران پر قابو پایا اور 2018 میں پاکستان توانائی کے معاملے میں خودکفیل ہوگیا اور یہ سب سی پیک صدر شی جن پنگ کے ویژن کی بدولت ممکن ہو پایا۔ وزیراعظم نے کہا کہ چین کے تعاون سے اورنج ٹرین اور مختلف ڈیموں کی بھی تعمیر ہوئی اور کئی دوسرے منصوبے شروع ہوئے جن سے پاکستانی معیشت کی صورتحال بدل گئی۔ انہوں نے کہا کہ سی پیک کی بدولت زراعت اور صنعت بحال ہوئی، زراعت پاکستان کی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتی ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے کہا کہ پھر ایک وقفے کے بعد دوبارہ ہماری حکومت آئی اور چین کے ساتھ تعلقات میں دوبارہ وہی گرمجوشی آئی اور آج ہم سی پیک کا دوسرا مرحلہ شروع کرنے کے لیے تیار ہیں اور پاکستان سی پیک کے دوسرے مرحلے میں چین سے تعاون چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان چین کے تجربے اور ٹیکنالوجی سے استفادہ کررہا ہے، ہم چین سے آئی ٹی، اے آئی، کان کنی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے خواہاں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چینی سرمایہ کاروں کو خصوصی اقتصادی زونز پر پرکشش موقع فراہم کرتے ہیں، چینی صنعتوں کی پاکستان منتقلی سے سستی لیبر اور دیگر سہولتیں میسر ہوں گی۔

Sarfraz Bugti stressed the chief minister on the recent per- national sport.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

Dated: 05 SEP 2025

Page No. 2




گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کو قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ سے متعلق بریفنگ دی جارہی ہے



کوئٹہ : گورنر جعفر مندوخیل گرلز کیڈٹ کالج کی طالبات سے خطاب رہے ہیں

# NFC فارمولے میں بلوچستان کا وسیع رقبہ شامل کرنا ضروری ہے، جعفر مندوخیل

میٹنگ سے قبل ڈائیلاگ کے اہتمام سے مستقبل کے چیلنجوں سے نمٹنے اور مواقع سے فائدہ اٹھانے میں مدد ملے گی، بریفنگ میں اظہار خیال

گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کی طالبات سے بہت امیدیں اور توقعات ہیں، اس کالج سے مستقبل کے بڑے افسر اور ڈاکٹرز ابھریںگے، گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ فیسکل فیڈریشن (Fiscal Federation) ایک بہت....... (باقی صفحہ 6 نمبر 57)

وسیع اور پیچیدہ موضوع ہے جسکا بہت کم لوگ ادراک رکھتے ہیں. قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ کے پیش نظر قومی معاشی استحکام اور ترقی کے ساتھ صوبائی خودمختاری کا یہ توازن بہت ضروری ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے مخصوص چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے قومی مالیاتی کمیشن ایوارڈ فارمولے میں ہمارے صوبہ کا وسیع رقبہ، غربت میں کمی کے فنڈ کا قیام، معدنیات کے شعبے کی حکمت عملی اور اپنے صوبے سے کھجور کی برآمد شامل کرنے کی اشد ضرورت ہے۔ صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور ان کی پوری ٹیم کی اپنے صوبے کی مالی بہتری کیلئے ان کی لگن لائق تحسین ہے۔ یہ بات انہوں نے محفوظ علی خان کی جانب سے این ایف سی ایوارڈ سے متعلق بریفنگ کے دوران کہی. اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور سیکرٹری فنانس عمران زرکون اور پرنسپل سیکرٹری ٹو گورنر بلوچستان کلیم اللہ بابر بھی موجود تھے۔

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کی طالبات سے بہت امیدیں......... (باقی صفحہ 6 نمبر 58)

اور توقعات وابستہ ہیں اور اس کالج سے مستقبل کے بڑے افسران اور ڈاکٹرز ابھریں گے۔ ہمیں یقین ہے کہ آپ پورے صوبے کی لڑکیوں کیلئے رول ماڈل کا کردار ادا کرینگے۔ تاریخی مقامات کی سیر کے ذریعے انسان اپنی تجزیاتی صلاحیت اور مشاہدے کی مہارت کو بہتر بنا سکتا ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کی طالبات کے گورنر ہاؤس کوئٹہ کے دورہ کے موقع پر کیا۔ اس موقع پر صوبائی وزیر خزانہ میر شعیب نوشیروانی اور گرلز کیڈٹ کالج کوئٹہ کے پرنسپل بریگیڈیئر مرزا فیصل بیگ بھی موجود تھے۔ انہوں نے گرلز کیڈٹ کالج کی طالبات کو پہلی بار گورنر ہاؤس کوئٹہ آنے پر خوش آمدید کہتے ہوئے کہا کہ امید ہے کہ آج کا دورہ آپ کے علم و معلومات میں اضافہ کریگا۔ واضح رہے کہ آپ صرف پاکستان اور بلوچستان کے مستقبل کے معمار ہی نہیں ہیں بلکہ ہمارے حال میں بھی شراکت دار ہیں۔ گورنر ہاؤس میں آپ کو یہاں برطانوی دور کی تصاویر، مجسمے اور تاریخی نوادرات کے علاوہ یہاں کے نایاب پرندے اور درخت بھی دکھائے گئے ہیں۔ ایک سوال کے جواب میں گورنر بلوچستان نے کہا کہ ہم آپ کیلئے اسکالرشپ اور لیپ ٹاپ کا بندوبست کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔

THE DAILY JANG QUETTA
روزنامہ جنگ کوئٹہ
بانی میر خلیل الرحمٰن
جلد 54 جمعۃ المبارک 11 ربیع الاوّل 1447ھ 5 ستمبر 2025ء نمبر 243

# نوجوانوں کو تعلیم اور ہنر کے ذریعے روزگار دینا چاہتے ہیں، سرفراز بگٹی

**غیر قانونی دھندے مستقبل نہیں**

**نوجوانوں کے روشن مستقبل کیلئے ہر ممکن اقدامات کیے جائینگے، وزیر اعلیٰ، پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر نے بھی ملاقات کی**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اسمگلنگ، زمباد گاڑیاں، غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں اور ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری لیبر نیاز نیچاری، ڈی جی بی ٹیوٹا طارق جاوید مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے مستند اداروں کی معاونت حاصل کی جارہی ہے اور تیس ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مقامی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری ایک بڑا چیلنج ہے، اس سے نمٹنے کے لیے نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور بلا سود قرضہ پروگرام میں بارڈر اضلاع کے نوجوانوں کو خصوصی ترجیح دی جائے گی تاکہ وہ اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار سے نکل کر باعزت روزگار حاصل کرسکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زمباد اور غیر قانونی دھندے نوجوانوں کے مستقبل کی ضمانت نہیں، ہم انہیں ایک بہتر اور محفوظ مستقبل دینا چاہتے ہیں وزیر اعلیٰ نے اجلاس کے شرکاء پر زور دیا کہ پروگرام پر عمل درآمد کے دوران شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے نوجوانوں کے لیے تعلیمی وظائف، ہنر مندی کے پروگرام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ وہ ملک و قوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے ملاقات کی اور وزیر اعلیٰ بلوچستان کو قومی ہاکی ٹیم کی حالیہ کارکردگی اور پرو لیگ میں شرکت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔



کوئٹہ: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

CamScanner

Daily MASHRIQ QUETTA

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)

روزنامہ مشرق کوئٹہ

چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد

جلد 54 | جمعہ 11 ربیع الاول 1447ھ 05 ستمبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 61

رجسٹرڈ BC-m-1 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL 081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

# سمگلنگ، غیر قانونی دھندے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں، وزیر اعلیٰ

بیروزگاری بڑا چیلنج، اس سے نمٹنے کے لیے نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے، یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ اور بلاسود قرضہ پروگرام میں بارڈر اضلاع کے نوجوانوں کو خصوصی ترجیح دی جائے گی

صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے، زمباد اور غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کے مستقبل کی ضمانت نہیں ہیں، میر سرفراز بگٹی

حکومت اپنے نوجوانوں کے لیے تعلیمی وظائف، ہنر مندی کے پروگرام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ وہ ملک و قوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں، اجلاس سے خطاب

وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی کی ملاقات، بلوچستان حکومت پاکستان میں ہاکی کے فروغ کے لیے بھرپور تعاون جاری رکھے گی، میر سرفراز بگٹی کی بات چیت

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اسمگلنگ، زمباد اور غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں اور ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری لیبر نیاز نیچاری، ڈی جی بی ٹیوٹا طارق جاوید مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے مستند اداروں کی معاونت حاصل کی جا رہی ہے اور تیس ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نوجوانوں...... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مقامی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آ سکیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری ایک بڑا چیلنج ہے، اس سے نمٹنے کے لیے نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور بلاسود قرضہ پروگرام میں بارڈر اضلاع کے نوجوانوں کو خصوصی ترجیح دی جائے گی تاکہ وہ اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار سے نکل کر باعزت روزگار حاصل کر سکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زمباد اور غیر قانونی دھندے نوجوانوں کے مستقبل کی ضمانت نہیں، ہم انہیں ایک بہتر اور محفوظ مستقبل دینا چاہتے ہیں وزیر اعلیٰ نے اجلاس کے شرکاء پر زور دیا کہ پروگرام پر عمل درآمد کے دوران شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے نوجوانوں کے لیے تعلیمی وظائف، ہنر مندی کے پروگرام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ وہ ملک و قوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کر سکیں۔ دریں اثناء وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اس موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو قومی ہاکی ٹیم کی حالیہ کارکردگی اور پرو لیگ میں شرکت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ بات نہایت خوش آئند ہے کہ فیڈریشن کی موجودہ قیادت نے نہ صرف ملک بھر میں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان ہاکی کی ترقی و ترویج میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جو قابلِ تحسین ہے انہوں نے کہا کہ قومی کھلاڑیوں کی حالیہ ایونٹس میں کارکردگی بھی لائقِ تعریف ہے اور اس نے ملک کا نام روشن کیا ہے وزیر اعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان حکومت پاکستان ہاکی کے فروغ کے لیے بھرپور تعاون جاری رکھے گی تاکہ ہاکی کو صوبے سمیت پورے ملک میں دوبارہ عروج حاصل ہو۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ صوبائی حکومت کے تعاون سے نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں ہاکی کے کھیل کو مزید فروغ ملے گا ملاقات کے موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو یادگاری سوونیئر بھی پیش کیا۔



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوتھ اسکل ڈیولپمنٹ پروگرام سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اراکین صوبائی اسمبلی زمرک اچکزئی اور سلمہ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں

روزنامہ
سینچری ایکسپریس کوئٹہ

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

جلد 23 شمارہ 262 | جمعتہ المبارک، 11 ربیع الاوّل، 5 ستمبر 2025ء صفحات 10 قیمت 40 روپے

# نوجوان تعلیم اور ہنر کے ذریعے روزگار دینا چاہتے ہیں وزیر اعلیٰ ہمارا سرمایہ ہیں، ہم

## بے روزگاری بہت بڑا چیلنج ہے مگر سمگلنگ اور دیگر غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، سرفراز بگٹی

### یوتھ اسکلز اور بلاسود قرضہ پروگرامز میں بارڈر کے اضلاع کے نوجوانوں کو ترجیح دی جائے، یوتھ پروگرام اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ سمگلنگ، زمباد اور گاڑیاں غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں اور ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ (باقی صفحہ 5 نمبر 42)

پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری لیبر نیاز نیچاری، ڈی جی بی ٹیوٹا طارق جاوید مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے مستند اداروں کی معاونت حاصل کی جارہی ہے اور تیس ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مقامی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری ایک بڑا چیلنج ہے، اس سے نمٹنے کے لیے نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور بلاسود قرضہ پروگرام میں بارڈر اضلاع کے نوجوانوں کو خصوصی ترجیح دی جائے گی تاکہ وہ سمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار سے نکل کر باعزت روزگار حاصل کرسکیں وزیر اعلیٰ نے کہا کہ زمباد اور غیر قانونی دھندے نوجوانوں کے مستقبل کی ضمانت نہیں، ہم انہیں ایک بہتر اور محفوظ مستقبل دینا چاہتے ہیں وزیر اعلیٰ نے اجلاس کے شرکاء پر زور دیا کہ پروگرام پر عمل درآمد کے دوران شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے نوجوانوں کے لیے تعلیمی وظائف، ہنر مندی کے پروگرام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ وہ ملک و قوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔

# وزیر اعلیٰ بلوچستان سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر کی ملاقات

### حکومت صوبے میں ہاکی کے فروغ کیلئے بھرپور تعاون جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اس موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کو قومی ہاکی ٹیم کی حالیہ کارکردگی اور پرو لیگ میں شرکت کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ بات نہایت خوش آئند ہے کہ فیڈریشن کی موجودہ قیادت نے نہ صرف ملک بھر میں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان ہاکی کی ترقی و ترویج میں نمایاں کردار ادا (باقی صفحہ 5 نمبر 16)

کیا ہے، جو قابلِ تحسین ہے انہوں نے کہا کہ قومی کھلاڑیوں کی حالیہ ایونٹس میں کارکردگی بھی لائق تعریف ہے اور اس نے ملک کا نام روشن کیا ہے وزیر اعلیٰ نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان حکومت پاکستان ہاکی کے فروغ کے لیے بھرپور تعاون جاری رکھے گی تاکہ ہاکی کو صوبے سمیت پورے ملک میں دوبارہ عروج حاصل ہو۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ صوبائی حکومت کے تعاون سے نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں ہاکی کے کھیل کو مزید فروغ ملے گا ملاقات کے موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو یادگاری سوونیئر بھی پیش کیا۔



وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی یوتھ اسکل ڈولپمنٹ پروگرام سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

محکمہ اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Set No. 1

Page No. 7

THE DAILY INTEKHAB (Quetta)
روزنامہ انتخاب کوئٹہ
رجسٹرڈ نمبر ایل سی I-4
قیمت 30 روپے
صفحات
www.dailyintekhab.PK
Intekhabnews@gmail.com
Quetta Ph:081-2822909
جلد نمبر 32 | بروز جمعۃ المبارک 5 ستمبر 2025ء بمطابق 11 ربیع الاول 1447ھ | شمارہ نمبر 243

# نوجوانوں کو ہنر مند اور روشن محفوظ مستقبل دیں گے

میر سرفراز بگٹی

## غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں ان کے روشن مستقبل کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جائیں گے

### نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مقامی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آسکیں

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اسمگلنگ، ذمباد اور گاڑیاں غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں اور ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت بقیہ نمبر 46 صفحہ 5 پر

کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے محنت وافرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری لیبر نیاز نیچاری، ڈی جی بی ٹیوٹا طارق جاوید مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیف منسٹر یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے مستند اداروں کی معاونت حاصل کی جارہی ہے اور تیس ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مقامی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری ایک بڑا چیلنج ہے، اس سے نمٹنے کے لیے نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام اور بلا سود قرضہ پروگرام میں بارڈر اضلاع کے نوجوانوں کو خصوصی ترجیح دی جائے گی تاکہ وہ اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار سے نکل کر باعزت روزگار حاصل کرسکیں۔

# وزیر اعلیٰ سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر طارق حسین بگٹی کی ملاقات

### بلوچستان حکومت ہاکی کے فروغ کیلئے بھرپور تعاون جاری رکھے گی، سرفراز بگٹی

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے جمعرات کو یہاں چیف منسٹر سیکرٹریٹ میں ملاقات کی اس موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر نے وزیر اعلی بلوچستان کو قومی ہاکی ٹیم کی حالیہ کارکردگی اور پرو لیگ میں شرکت کے بقیہ نمبر 57 صفحہ 5 پر

حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے پاکستان ہاکی فیڈریشن کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ یہ بات نہایت خوش آئند ہے کہ فیڈریشن کی موجودہ قیادت نے نہ صرف ملک بھر میں بلکہ بین الاقوامی سطح پر بھی پاکستان ہاکی کی ترقی و ترویج میں نمایاں کردار ادا کیا ہے، جو قابلِ تحسین ہے انہوں نے کہا کہ قومی کھلاڑیوں کی حالیہ ایونٹس میں کارکردگی بھی لائقِ تعریف ہے اور اس نے ملک کا نام روشن کیا ہے وزیر اعلی نے یقین دہانی کرائی کہ بلوچستان حکومت پاکستان ہاکی کے فروغ کے لیے بھرپور تعاون جاری رکھے گی تاکہ ہاکی کو صوبے سمیت پورے ملک میں دوبارہ عروج حاصل ہو۔ پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے وزیر اعلی بلوچستان کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں امید ہے کہ صوبائی حکومت کے تعاون سے نہ صرف بلوچستان بلکہ ملک بھر میں ہاکی کے کھیل کو مزید فروغ ملے گا ملاقات کے موقع پر پاکستان ہاکی فیڈریشن کے صدر میر طارق حسین بگٹی نے وزیر اعلی بلوچستان میر سرفراز بگٹی کو یادگاری سوئنیر بھی پیش کیا۔



وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Bullet No. 1

Page No. 8

THE DAILY BAAKHABAR QUETTA

روزنامہ باخبر کوئٹہ

بانی اکرام اللہ خان

جلد 29 | جمعہ 05 ستمبر 2025ء بمطابق 11 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے | شمارہ 242

## یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کا جائزہ اجلاس

# صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں: وزیراعلیٰ

نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے مستند اداروں کی معاونت حاصل کی جارہی ہے اور تیس ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں

**اسمگلنگ، ذمباد اور گاڑیاں غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں، اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اسمگلنگ، ذمباد اور گاڑیاں غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں اور ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیر اعلیٰ کے مشیر برائے محنت و افرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری لیبر نیاز نیچاری، ڈی جی پی ٹیوٹا طارق جاوید مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے مستند اداروں کی معاونت حاصل کی جارہی ہے اور تیس ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مقامی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری ایک بڑا چیلنج ہے، اس سے نمٹنے کے لیے نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے۔



کوئٹہ، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی سے اراکین صوبائی اسمبلی زمرک خان اچکزئی اور سلمیٰ کاکڑ ملاقات کر رہے ہیں



وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

CamScanner

DIREC
GENERAL
RELATIONS
حکومت
Bullet No. 1
Page No. 9

Daily AZADI Quetta
روزنامہ آزادی کوئٹہ
بانی صدیق بلوچ
جلد نمبر 24- جمعہ 05 ستمبر 2025ء بمطابق 11 ربیع الاول 1447ھ قیمت 20 روپے شمارہ نمبر 241-

سرفراز بگٹی

# اسمگلنگ ذمباد گاڑیاں غیر قانونی دھندے صوبے کے نوجوانوں کا مستقبل نہیں


## صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں، ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات، تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار فراہم کریں گے

یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور بلاسود قرضہ پروگرام میں بارڈر اضلاع کے نوجوانوں کو خصوصی ترجیح دی جائے گی تاکہ وہ اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار سے نکل کر باعزت روزگار حاصل کرسکیں، سرفراز بگٹی

## صوبائی حکومت اپنے نوجوانوں کے لیے تعلیمی وظائف، ہنرمندی کے پروگرام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں، اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ اسمگلنگ، ذمباد اور گاڑیاں غیر قانونی دھندے ہمارے نوجوانوں کا مستقبل نہیں، ہم انہیں تعلیم اور ہنر کے ذریعے باعزت روزگار دینا چاہتے ہیں صوبے کے نوجوان ہمارا سب سے بڑا سرمایہ ہیں اور ان کے روشن مستقبل کے لیے ہر ممکن اقدامات کیے جائیں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے جمعرات کو چیف منسٹر سیکرٹریٹ کوئٹہ میں یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں وزیراعلیٰ کے مشیر برائے محنت وافرادی قوت سردار غلام رسول عمرانی، چیف سیکرٹری بلوچستان شکیل قادر خان، پرنسپل سیکرٹری بابر خان، سیکرٹری لیبر نیاز نیچاری، ڈی جی بی ٹیوٹا طارق جاوید مینگل، ایڈیشنل سیکرٹری چیف منسٹر سیکرٹریٹ محمد فریدون سمیت متعلقہ حکام نے شرکت کی اجلاس میں بریفنگ دیتے ہوئے بتایا گیا کہ چیف منسٹر یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کے لیے مستند اداروں کی معاونت حاصل کی جارہی ہے اور تیس ہزار نوجوانوں کو مختلف شعبوں میں تربیت دینے کے اہداف مقرر کیے گئے ہیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے ہدایت کی کہ اہداف کے حصول کو ہر صورت یقینی بنایا جائے اور نوجوانوں کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ ہنر فراہم کیا جائے تاکہ انہیں مقامی و بین الاقوامی سطح پر روزگار کے مواقع میسر آسکیں انہوں نے کہا کہ بیروزگاری ایک بڑا چیلنج ہے، اس سے نمٹنے کے لیے نجی شعبے میں روزگار کے مواقع پیدا کرنے ہوں گے انہوں نے واضح کیا کہ یوتھ اسکلز ڈویلپمنٹ پروگرام اور بلاسود قرضہ پروگرام میں بارڈر اضلاع کے نوجوانوں کو خصوصی ترجیح دی جائے گی تاکہ وہ اسمگلنگ اور غیر قانونی کاروبار سے نکل کر باعزت روزگار حاصل کرسکیں وزیراعلیٰ نے کہا کہ زمباد اور غیر قانونی دھندے نوجوانوں کے مستقبل کی ضمانت نہیں، ہم انہیں ایک بہتر اور محفوظ مستقبل دینا چاہتے ہیں وزیراعلیٰ نے اجلاس کے شرکاء پر زور دیا کہ پروگرام پر عمل درآمد کے دوران شفافیت اور میرٹ کو یقینی بنایا جائے انہوں نے کہا کہ صوبائی حکومت اپنے نوجوانوں کے لیے تعلیمی وظائف، ہنرمندی کے پروگرام اور روزگار کے مواقع پیدا کرنے کو اولین ترجیح دے رہی ہے تاکہ وہ ملک وقوم کی ترقی میں بھرپور کردار ادا کرسکیں۔

(بقیہ نمبر 28 صفحہ نمبر 2 پر)



کوئٹہ، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی یوتھ اسکل ڈویلپمنٹ پروگرام کے جائزہ اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

# CM to prioritize youth skill development to tackle unemployment

## Vows full support for revival of hockey



**Staff Report**

**QUETTA:** Balochistan Chief Minister Mir Sarfraz Bugti has declared youth skill development a top priority of the government to tackle unemployment, emphasizing the need to create sustainable job opportunities within the private sector.

Chairing a review meeting on the Youth Skills Development Program at the Chief Minister's Secretariat on Thursday, Sarfraz Bugti described the province's youth as its greatest asset. He underscored the government's commitment to equipping them with the tools needed for a prosperous future, steering them away from smuggling and other illicit activities.

"Smuggling is not the future of our youth," Sarfraz Bugti added. "We must provide them with dignified employment through education and vocational training."

The meeting was attended by senior officials including Advisor to the Chief Minister on Labour and Manpower Sardar Ghulam Rasool Umrani, Chief Secretary Shakeel Qadir Khan, and B-Tevta Director General Tariq Javed Mengal.

Officials briefed the Chief Minister on plans to train 30,000 young individuals across various trades in collaboration with reputable institutions. Bugti directed that the training programs be aligned with current market demands to ensure both local and international employment prospects.

Special preference will be given to youth from border districts under both the skills development and interest-free loan schemes. The initiative aims to divert young people from illegal enterprises and integrate them into the formal economy.

Sarfraz Bugti stressed the importance of transparency and merit-based selection in implementing the program. He reaffirmed the provincial government's commitment to ensure scholarships, vocational training, and job creation as pillars of youth empowerment and national development.

Chief Minister Sarfraz Bugti on Thursday reaffirmed the Balochistan government's unwavering support for the promotion and development of hockey, expressing optimism that this collaboration would help restore the sport's former glory across the province and the country.

In a high-level meeting held at the Chief Minister's Secretariat, Balochistan, the chief minister met with Pakistan Hockey Federation (PHF) President Mir Tariq Hussain Bugti to discuss the future of the national sport.

The PHF President briefed the chief minister on the recent performance of Pakistan's hockey team, including its participation in the prestigious Pro League. Chief Minister Bugti commended the federation's leadership for its dedicated efforts in revitalizing hockey both at home and on the international stage.

"The players' recent achievements have brought pride to the nation," Bugti remarked, applauding the team's performance and the federation's commitment to the sport.

PHF President Mir Tariq Hussain Bugti thanked the chief minister for his encouragement and pledged to continue working closely with the provincial government to strengthen hockey's foundation nationwide.

To mark the occasion, the PHF President presented a commemorative souvenir to Chief Minister Bugti, symbolizing the [illegible]

## فی الوقت سیلابی صورتحال کا خطرہ ٹل چکا ہے، صادق عمرانی

### سپر فلڈ کی صورت میں ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کیے تھے

نصیر آباد (ن ن) صوبائی وزیر ایریگیشن میر محمد صادق عمرانی نے کہا ہے کہ صوبہ سندھ میں ممکنہ سیلابی صورتحال کو مدنظر رکھتے ہوئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز خان بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ ایریگیشن روز اول سے سرگرم عمل ہے، جبکہ ڈویژنل انتظامیہ بھی لوگوں کو محفوظ مقامات پر منتقل کرنے کے لیے متحرک رہی تاکہ عوام کے مفاد میں بروقت اور موثر اقدامات کیے جاسکیں۔ انہوں نے بتایا کہ سکھر بیراج کا دورہ کر کے سندھ ایریگیشن حکام سے مکمل تفصیلات حاصل کی گئی ہیں اور ان کے مطابق اس وقت سیلابی صورتحال کا خطرہ ٹل چکا ہے، تاہم ہم نے سپر فلڈ کی صورت میں ممکنہ خطرات سے نمٹنے کے لیے پیشگی اقدامات کیے تھے اور اب بھی روزانہ کی بنیاد پر تمام تر امور کی کڑی نگرانی کی جارہی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ ایریگیشن نصیر آباد ڈویژن کے دورے کے موقع پر بات چیت کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر صوبائی سیکرٹری آبپاشی حافظ محمد ناصر، چیف انجینئر کنالز ناصر مجید، سپرنٹنڈنگ انجینئر غلام سرور جنگوئی، پاکستان پیپلز پارٹی نصیر آباد ڈویژن کے صدر میر بلال صادق عمرانی، پٹ فیڈر کینال کے ایگزیکٹو انجینئر فرید احمد پندرانی، صوبائی کوآرڈینیٹر فیڈرل پروجیکٹ ایریگیشن ڈیپارٹمنٹ انجینئر سمیع اللہ بلوچ ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ظہیر احمد عمرانی، سب ڈویژنل آفیسر سیف اللہ جنگوئی، برکت علی کھوسہ سمیت دیگر افسران بھی موجود تھے۔ صادق عمرانی نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ ایریگیشن کی مکمل ٹیم گزشتہ چار دنوں سے نصیر آباد ڈویژن میں موجود ہے جہاں کمشنرز اور ڈپٹی کمشنرز کے ساتھ مل کر ممکنہ سیلابی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہماری اولین ترجیح عوام کی جان و مال کا تحفظ، شہری آبادیوں کو بروقت محفوظ مقامات پر منتقل کرنا اور فصلات و مال مویشیوں کو بچانا ہے۔ سندھ حکومت کے ساتھ باہمی مشاورت اور اتفاق رائے سے فیصلہ کیا گیا ہے کہ دریائے سندھ کے مغربی کنارے پر کسی بھی ممکنہ کٹ یا شگاف سے بچاؤ کے لیے دونوں صوبے مل کر مشترکہ اقدامات کریں گے۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے صورتحال اب کنٹرول میں ہے اور خطرہ کافی حد تک کم ہو چکا ہے۔

MASHRIQ QUETTA

## صوبے میں تعلیمی ترقی حکومت کی اولین ترجیح ہے، راحیلہ حمید درانی

### صوبائی وزیر تعلیم سے پاکستان مسلم لیگ ن قلات و مکران کے رہنماؤں کی ملاقات، مسائل سے آگاہ کیا

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی سے پاکستان مسلم لیگ ن قلات ڈویژن کے صدر جاوید خان لاسی، مکران ڈویژن کے صدر اشرف ساگر بلوچ اور دیگر نے کوئٹہ میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران بلوچستان میں تعلیمی میدان کو د...... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

رپیش مسائل، تعلیمی اداروں کی صورتحال، طلبا و طالبات کو درپیش چیلنجز، اور تعلیمی معیار میں بہتری کے حوالے سے مختلف تجاویز پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مسلم لیگ ن کے عہدیداران نے صوبے میں تعلیم کے فروغ کے لئے وزیر تعلیم کی جانب سے کئے جانے والے اقدامات کو سراہتے ہوئے کہا کہ ان اصلاحات سے نہ صرف تعلیمی اداروں کا معیار بہتر ہوگا بلکہ بلوچستان کے نوجوانوں کو روشن مستقبل کی طرف لے جانے میں مدد ملے گی۔ صوبائی وزیر تعلیم راحیلہ حمید درانی نے پاکستان مسلم لیگ ن کے رہنماؤں کا شکریہ ادا کرتے ہوئے

## ضلعی انتظامیہ کے قانونی و انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی کا فیصلہ، وزیراعظم نے سفارشات طلب کر لیں

### وزیراعظم کی منظوری کے بعد کابینہ سیکرٹریٹ کی جانب سے غیر معمولی گزٹ نوٹیفکیشن جاری، سفارشات کیلئے ایک ماہ کی ڈیڈ لائن

### 18 رکنی کمیٹی تشکیل، وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ اور وزیر اسٹیبلشمنٹ احد چیمہ کنوینئر مقرر، کمیٹی قوانین میں ترامیم کی تجاویز پیش کریگی

اسلام آباد (زاہد احمد خان) ملک بھر میں ضلعی انتظامیہ کے قانونی اور انتظامی ڈھانچے میں تبدیلی کا فیصلہ کیا گیا ہے جس کے لیے وزیراعظم نے سفارشات طلب کرلی ہیں جبکہ ضلعی انتظامیہ کے انتظامی اور قانونی ڈھانچے پر سفارشات کی تیاری کیلئے 18 رکنی کمیٹی تشکیل دے دی گئی ہے۔ ایک رپورٹ کے مطابق وزیراعظم کی منظوری کے بعد کابینہ سیکرٹریٹ کی جانب سے غیر معمولی گزٹ نوٹیفکیشن جاری ہوا...... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

ہے جس میں کمیٹی کو ایک ماہ کی ڈیڈ لائن دیتے ہوئے سفارشات طلب کی گئی ہیں۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق وزیر قانون اعظم نذیر تارڑ کو کمیٹی کا کنوینئر، وزیر اسٹیبلشمنٹ احد چیمہ کو کنوینئر مقرر کیا گیا ہے جبکہ وزیراعظم کے مشیر توقیر شاہ، اٹارنی جنرل، سیکرٹری کیبنٹ، سیکرٹری کامرس، سیکرٹری پاور ڈویژن ارکان میں شامل ہیں۔ نوٹیفکیشن کے مطابق چاروں صوبوں، آزاد کشمیر، گلگت بلتستان کے چیف سیکرٹریز سمیت نبیل اعوان، ناصر محمود کھوسہ، آغا واصف، پسند خان بلیدی اور نسیم صادق کو بھی کمیٹی میں بطور رکن شامل کیا گیا ہے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی پاکستان میں ضلعی انتظامیہ کے قانونی اور انتظامی ڈھانچے کا جائزہ لے گی، موجودہ قوانین کا جائزہ لے کر اپنی سفارشات مرتب کرے گی۔ کمیٹی بہتر طرز حکمرانی اور خدمات کی فراہمی کے لیے اقدامات تجویز کرے گی اور ضلعی انتظامیہ کی قانونی، ریگولیٹری، انتظامی اور آپریشنل افادیت کو بڑھانے کیلئے سفارشات مرتب کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی 2001ء کی منتقلی سے پہلے اور بعد میں عوامی امن کو برقرار رکھنے اور شکایات کے ازالے میں ضلعی انتظامیہ کے کردار کا جائزہ لینے کیساتھ ڈیولوشن سے پہلے اور بعد، امن عامہ، قانون کے نفاذ، مقامی اور خصوصی قوانین کے نفاذ کا موازنہ کرے گی، کمیٹی انتظامی پس منظر میں دوسرے ممالک کے انتظامی ماڈلز پر تفصیلی غور کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کمیٹی حکومت کے پالیسی مقاصد کے حصول کے لیے مقامی سطح پر عوامی اداروں کے ساتھ ہم آہنگی، مقامی اور خصوصی قوانین کے نفاذ پر سفارشات مرتب کرنے اور ضابطہ فوجداری سمیت موجودہ قوانین میں ترامیم کی تجویز پیش کرنے کی مجاز ہوگی۔ کمیٹی، امن و عامہ کی بحالی، مقامی اور خصوصی قوانین کے نفاذ میں ضلعی انتظامیہ کے بہتر کردار کیلئے نئی قانون سازی پر اپنی تجاویز دے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق کابینہ ڈویژن کمیٹی کو سیکرٹریل سپورٹ فراہم کرے گا جبکہ کمیٹی ضرورت کے مطابق کسی بھی رکن کو شریک کر سکے گی۔

## صوبائی وزراء کی سردار اختر جان مینگل کی رہائش گاہ آمد

### خودکش دھماکے میں پارٹی کے سیاسی کارکنوں کی شہادت پر فاتحہ خوانی کی

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صدر و سینیٹر...... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

سردار محمد عمر گورگیج کی قیادت میں ایک وفد نے بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل کی رہائش گاہ پر جاکر گزشتہ روز دھماکے میں سیاسی کارکنوں کی شہادت پر تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔ پیپلز پارٹی کے وفد میں صوبائی جنرل سیکرٹری ربانی خان کاکڑ، صوبائی انفارمیشن سیکرٹری و صوبائی وزیر میر ظہور احمد بلیدی، صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ، ایم پی اے میر عبید اللہ گورگیج، در محمد بزاراہ، سردار زادہ قادر گورگیج، سردار زادہ بلوچ خان گورگیج، ، امتیاز جنگ عابد گورگیج اور دیگر شامل تھے اس موقع پر ایم پی اے خضدار میر یونس زہری، سابق ایم این اے آغا حسن بلوچ، سابق ایم پی اے میر اختر حسین لانگو، ایڈوکیٹ ساجد ترین بھی موجود تھے۔ وفد نے بی این پی کے زیر اہتمام ہونے والے جلسے کے بعد خودکش دھماکے کی مذمت کی اور دھماکے میں شہید ہونے والے افراد کے اہل خانہ سے تعزیت و ہمدردی اور زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے بھی دعا کی۔

CamScanner

# وزیر صحت کی زیر صدارت ہسپتالوں کی اپ گریڈیشن سے متعلق اجلاس

## ہسپتالوں میں مشینری، لیبارٹری آلات اور سہولیات کی فراہمی کیلئے اقدامات کی ہدایت

### سیکرٹری صحت کی زیر صدارت اجلاس میں مختلف اضلاع میں صحت عامہ کی صورتحال کا جائزہ

کوئٹہ (اے پی پی) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ کی زیر صدارت صوبے کے تمام سرکاری ہسپتالوں اور لیبارٹریز کی اپ گریڈیشن سے متعلق ایک اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں محکمہ صحت کے اعلیٰ حکام اور مختلف پروگرامز کے نمائندوں نے شرکت کی۔ اجلاس کے دوران صوبائی ٹی بی کنٹرول پروگرام کے کوآرڈینیٹر ڈاکٹر شیر افگن رئیسانی نے اسپتالوں اور لیبارٹریز کی موجودہ صورتحال، درپیش مسائل اور اپ گریڈیشن کے لئے درکار اقدامات پر تفصیلی بریفنگ دی۔ وزیر صحت نے کہا کہ صوبے کے عوام کو معیاری اور جدید طبی سہولیات فراہم کرنا حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے اسپتالوں میں مشینری، لیبارٹری آلات اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لئے فوری اقدامات کی ہدایت کی۔ علاوہ ازیں سیکرٹری صحت بلوچستان مجیب الرحمن پانیزئی کی زیر صدارت ایک اہم جائزہ اجلاس منعقد ہوا جس میں ڈویژن کے مختلف اضلاع میں صحت کی خدمات کی فراہمی کی صورتحال کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں اور کمشنر ژوب ڈویژن، ڈپٹی کمشنرز، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز (DHOs)، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسرز (DDHOs) اور ڈسٹرکٹ سپورٹ مینیجرز (DSMs) نے آن لائن شرکت کی۔ اجلاس میں ڈاکٹرز کی دستیابی، لیبر رومز کی فعالیت، ضروری ادویات کی فراہمی، ویکسینیشن کے عمل اور محکمہ صحت کے ڈیجیٹل اقدامات کی پیش رفت پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ اجلاس میں آئندہ کے لئے عملی سفارشات مرتب کی گئیں جبکہ اضلاع کو فوری اصلاحی اقدامات اٹھانے کی ہدایات دی گئیں تاکہ عوام کو بہتر اور معیاری طبی سہولیات فراہم کی جاسکیں۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 05 SEP 2025

Page No. 13

# گرین بس آج سے سریاب کسٹم تک چلا کرے گی عدالت عالیہ کے حکم پر نوٹیفکیشن جاری

**چند دنوں میں بس سروس کو شمال میں کچلاک سے جنوب میں سونا خان چوک تک بڑھا دیں گے، سیکرٹری ٹرانسپورٹ کی عدالت کو یقین دہانی**

کوئٹہ (خ ن) چیف جسٹس عدالت عالیہ بلوچستان جسٹس روزی خان بڑیچ اور جسٹس سردار احمد حلیمی پر مشتمل دو رکنی بینچ نے سید نذیر آغا ایڈوکیٹ کا دائر آئینی درخواست کا سماعت کرتے ہوئے سیکرٹری محکمہ صوبائی ٹرانسپورٹ، سیکرٹری صوبائی ٹرانسپورٹ اتھارٹی، اور حکومت بلوچستان کو آج ہی کے دن گرین لائن بس کے روٹ کو سریاب کسٹم تک بڑھانے کا حکم دیا۔ عدالتی احکامات پر عمل درآمد کرتے ہوئے محکمہ ٹرانسپورٹ حکومت بلوچستان نے باقاعدہ نوٹیفکیشن جاری کرتے ہوئے گرین لائن بس سروس کو سریاب مل تک بڑھا دیا۔ مزید براں عدالت عالیہ بلوچستان نے محکمہ ٹرانسپورٹ کو گرین بس روٹ کو کچلاک سے سونا خان تھانے سریاب تک چلانے کا بھی حکم دیا۔ عدالت میں موجود محکمہ ٹرانسپورٹ کے سیکرٹریز نے معزز عدالت کو یقین دلایا کہ چند دنوں میں گرین لائن بس سروس کو شمال میں کچلاک سے جنوب میں سونا خان چوک تک بڑھا دیں گے۔

# ڈسٹرکٹ الیکشن آفس مستونگ کی تعمیر جلد مکمل کی جائے، شاہ محمد جتوئی

**ممبر الیکشن کمیشن کی زیر صدارت اجلاس، ترقیاتی منصوبے کی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان کے دفتر میں اہم اجلاس زیر صدارت ممبر الیکشن کمیشن آف پاکستان برائے بلوچستان شاہ محمد جتوئی ہوا۔ اجلاس میں صوبائی الیکشن کمشنر بلوچستان علی اصغر سیال، ڈائریکٹر ایڈمن نعیم احمد، ڈپٹی ڈائریکٹر ایڈمن عبدالودود، محکمہ مواصلات و تعمیرات کے ایکس ای این ملک مقصود احمد سمیت دیگر افسران و نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس میں ایکس ای این ملک مقصود احمد نے اجلاس کے شرکاء کو ضلع مستونگ کے ڈسٹرکٹ الیکشن آفس میں جاری تعمیراتی کاموں کی تفصیلات اور پیش رفت سے آگاہ کیا۔ رکن الیکشن کمیشن آف پاکستان شاہ محمد جتوئی نے ڈسٹرکٹ الیکشن آفس مستونگ میں جاری ترقیاتی پیش رفت پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ محکمہ کو ہدایت کی کہ منصوبے کو مقررہ مدت کے اندر اعلیٰ معیار کے مطابق مکمل کیا جائے۔

# اسلحہ چھیننے کی کوشش کرنے والے کو مار ڈالو یا شہید ہو جاؤ، کمانڈنٹ بی سی

**بلوچستان کے حالات کو سبوتاژ کرنے کی کوششوں کو ہر صورت ناکام بنایا جائیگا، آغا محمد یوسف کا اجلاس سے خطاب**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کہا ہے کہ ملک دشمن عناصر بلوچستان کے حالات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں جسے ہر صورت ناکام بنایا جائے گا دوران ڈیوٹی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی اگر کسی جوان سے کوئی اسلحہ و ایمونیشن ملک دشمن عناصر چھیننے کی کوشش کریں تو مقابلہ کرکے اس کو مار دو یا شہید ہو جاؤ۔ ان خیالات کا اظہار گزشتہ روز بی سی ہیڈ کوارٹر بدر لائن میں 12 ربیع اول کی سیکورٹی اور موجودہ حالات کے حوالے سے منعقدہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر ایس ایس پی ہیڈ کوارٹر، زونل کمانڈر X-IV-III-II-I اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر اسد اللہ اور بلوچستان کانسٹیبلری کے آؤٹ زونز کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف نے کہا کہ پچھلے کچھ عرصے سے ملک دشمن عناصر سرگرم ہیں اور بلوچستان کے حالات کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اس کے برعکس مشاہدے میں آیا ہے کہ جوان غفلت کے مرتکب پائے جاتے اور موجودہ حالات کی پروا نہیں کرتے ہیں موبائل ڈیوٹی کے دوران اکثر موبائل کا استعمال کرتے ہیں۔ اسلحہ و ایمونیشن کسی صورت ملک دشمن عناصر کے حوالے نہ کریں۔ بصورت دیگر ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کرکے انہیں ڈیوٹی سے برخاست بھی کیا جاسکتا ہے۔

# چمن: افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ جاری

چمن (خ ن) وفاقی و صوبائی حکومت کی جانب سے افغان باشندوں کے پاکستان سے انخلاء کی ڈیڈ لائن ختم ہونے کے بعد پاکستان میں مقیم غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی رضا کارانہ واپسی چمن باب دوستی کے راستے جاری ہے ملک کے مختلف علاقوں سے آئے ہوئے افغان باشندوں کیلئے چمن، بارڈر پر واقع ود، ہولڈنگ کیمپ میں ضلعی انتظامیہ چمن نے کھانے پینے کا انتظام اور باتھ رومز ویٹنگ رومز اور خیموں میں تمام ضروری انتظامات مکمل اور سہولیات فراہم کی گئی ہے۔

# حکومت بلوچستان نے عید میلاد النبیؐ کی مناسبت سے آج عام تعطیل کا اعلان کردیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) حکومت بلوچستان نے عید میلاد النبیؐ کی مناسبت سے جمعہ کو (آج) عام تعطیل کا اعلان کردیا وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایت پر عام تعطیل کا باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ عید میلاد النبیؐ مذہبی جوش و جذبے اور عقیدت کے ساتھ منائی جائے گی، انہوں نے کہا کہ عوام جشن عید میلاد النبیؐ بھرپور اتحاد، امن اور اخوت کے ساتھ منائیں۔

# سیلاب کے باعث بلوچستان میں غذائی بحران کا خدشہ

**100 کلو آٹے کی بوری کی قیمت 11 ہزار روپے ہوگئی، آٹا نایاب ہونے کا خطرہ**

کوئٹہ (این این آئی) ملک میں سیلاب کی تباہ کاریوں کے باعث بلوچستان میں غذائی بحران کا خدشہ پیدا ہو گیا پنجاب سے سپلائی معطل ہونے کے باعث صوبے میں آٹے اور گندم کے ذخائر ختم ہونے کے قریب ہیں۔ چمن میں آٹے کی 7 ہزار روپے میں دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت 4 ہزار روپے اضافے کے ساتھ 11 ہزار روپے ہوگئی۔ چمن میں ڈیلرز ایسوی ایشن کے صدر نے بتایا کہ حکومت پنجاب نے گزشتہ روز گندم اور آٹے کی بلوچستان کو سپلائی روک دی ہے جب کہ اگست کے وسط ہی میں پنجاب ملز مالکان نے گندم کی بلیک مارکیٹنگ کو گندم کی قیمتوں میں اضافے کی وجہ بتائی تھی۔ سیلاب کی تباہ کاریوں اور روڈ اسٹرکچرز متاثر ہونے کے باعث طلب کے مقابلے میں رسد میں بھی کمی آنے سے آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہوتا گیا، چمن اور دیگر شہروں کی مارکیٹوں میں گزشتہ 20 روز کے دوران آٹے کی 7 ہزار روپے میں دستیاب 100 کلو بوری کی قیمت مسلسل بڑھتے ہوئے 4 ہزار روپے کے اضافے کے ساتھ اب 11 ہزار روپے کی ہوگئی ہے۔ بلوچستان اور پنجاب حکومت نے مل بیٹھ کر مسئلہ حل نہ کیا تو اگلے دو تین روز میں 100 کلو بوری 15 ہزار روپے سے بھی تجاوز کرسکتی ہے اور آٹا صوبے کی مارکیٹ میں نایاب ہونے کا خطرہ ہے۔

# بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج ہوگا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان اسمبلی کا اجلاس آج سہ پہر تین بجے ہوگا، جس میں جمعیت کے رکن اسمبلی اصغر علی ترین پی ڈی کلچر ختم اور رولز آف بزنس کے تحت جو محکمے جن مقاصد کیلئے بنائے گئے ہیں انہیں ان کے کام سونپنے، قائد حزب اختلاف میر یونس عزیز زہری، میر زابد علی ریکی، اصغر علی ترین سید ظفر علی آغا، ڈاکٹر نواز کبزئی، روی کمار پہوجہ اور میر غلام دستگیر بادینی پی سی ایس اور دیگر مسابقتی امتحانات میں شرکت کی تعداد 3 سے بڑھا کر 5 کرنے کے لئے قوانین میں ضروری ترامیم اور جماعت اسلامی کے رکن مولانا ہدایت الرحمن بلوچ قادیانیوں کے فتنے سے پاکستان کو بچانے کے لئے سخت اقدامات اٹھانے اور عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کیلئے کسی بھی قربانی سے دریغ نہ کرنے سے متعلق الگ الگ قرارداد پیش کریں گے۔ وقفہ سوالات میں محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات اور محکمہ تعلیم سے متعلق سوالات کے جوابات دیئے جائیں گے۔

# بلوچستان میں چینی سرمایہ کاری کیلئے بے شمار مواقع ہیں، بلال کاکڑ

**تجارتی سرگرمیوں کو تقویت ملے گی، گفتگو، چیمبر آف کامرس ہواویان کا دورہ بلوچستان کا اعلان**

بیجنگ (خ ن) بلوچستان سرمایہ کاری بورڈ کے وائس چیئرمین بلال خان کاکڑ نے بیجنگ کے ہواویان سٹی کے چیمبر آف کامرس کے صدر مسٹر رائے سے اہم ملاقات کی جس میں دونوں فریقین نے پاکستان اور چین کے درمیان سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اس موقع پر بلال خان کاکڑ نے کہا کہ بلوچستان پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہونے کے ساتھ ساتھ خطے میں ایک اہم جغرافیائی اور تجارتی حیثیت رکھتا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ صوبے میں معدنی وسائل کی وسیع رینج موجود ہے اس کے علاوہ بلوچستان کی ساحلی پٹی اور ماہی گیری کے وسائل چین کے سرمایہ کاروں کے لیے بے مثال مواقع فراہم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ توانائی کے منصوبے، قابل تجدید توانائی (سولر اور ونڈ)، زراعت اور فوڈ پروسیسنگ کے شعبے بھی سرمایہ کاروں کے لیے پرکشش ہیں جبکہ صوبے میں بننے والے نئے صنعتی زونز اور سی پیک کے تحت تیار ہونے والا گوادر پورٹ اور فری اکنامک زون سرمایہ کاری کے لیے خطے میں ایک نیا باب کھول رہے ہیں۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان
Daily: MASHRIQ QUETTA
Bullet No. 2
Dated: 05 SEP 2025
Page No. 15

## ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کوئٹہ کا دورہ شہر' تجاوزات کے خاتمے کا فوری حکم

**تجاوزات شہر کی خوبصورتی و ٹریفک کی روانی میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں' کمشنر کوئٹہ**

**کسی بھی دکاندار یا فرد کو عوامی راستے بند کرنے کی اجازت نہ دی جائے' شاہزیب خان کاکڑ**

کوئٹہ (این این آئی) کمشنر و ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کوئٹہ، شاہزیب خان کاکڑ نے جمعرات کے روز شہر کے مختلف علاقوں کا دورہ کیا، جس میں لیاقت بازار اور عبدالستار روڈ، پرنس روڈ شامل تھے، دورے کے دوران انہوں نے شہری مسائل، ٹریفک کی روانی اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا، اس موقع پر انہوں نے لیاقت بازار اور عبدالستار روڈ، پرنس روڈ پر موجود غیر قانونی تجاوزات کا سختی سے نوٹس لیتے ہوئے فوری طور پر تجاوزات کے خاتمے اور ذمہ داروں کے ........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

خلاف کارروائی کا حکم دیا، انہوں نے کہا کہ شہر کی خوبصورتی اور ٹریفک کی روانی میں تجاوزات سب سے بڑی رکاوٹ ہیں، جنہیں ہر صورت میں ہٹایا جائے گا، شاہزیب خان کاکڑ نے متعلقہ اداروں کو ہدایت کی کہ وہ بلا امتیاز کارروائی کریں اور کسی بھی دکاندار یا فرد کو عوامی راستے بند کرنے کی اجازت نہ دی جائے، انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ شہر کو صاف ستھرا اور تجاوزات سے پاک رکھنے میں انتظامیہ کا ساتھ دیں، انتظامیہ کی جانب سے جلد ہی شہر بھر میں تجاوزات کے خلاف کارروائیاں کی جائیں گی۔

## افغان مہاجرین کے سکولوں کو سیل، اساتذہ و طلباء کو ڈی پورٹ کیا جائے، ڈی سی کوئٹہ

**یہ اسکول افغان مہاجرین نے قائم کئے جو ہزارہ ٹاؤن، پشتون آباد، علمدار روڈ، کرانی و قمبرانی کے علاقوں میں واقع ہیں**

**کوئٹہ کے سکولوں میں موجود تجاوزات کا فوری خاتمہ کرکے رپورٹ پیش کی جائے' ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کے اجلاس میں مہر اللہ بادینی کی ہدایت**

کوئٹہ (خ ن) ڈپٹی کمشنر کوئٹہ مہر اللہ بادینی کی زیر صدارت ڈسٹرکٹ ایجوکیشن گروپ کا اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل، تمام سب ڈویژنز کے اسسٹنٹ کمشنرز، ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (میل و فیمیل)، ڈسٹرکٹ خزانہ آفیسر اور دیگر متعلقہ افسران نے شرکت کی اجلاس میں غیر رجسٹرڈ افغان مہاجرین کے زیر انتظام اسکولوں کے بارے میں ........ بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

تفصیلی بریفنگ دی گئی بتایا گیا کہ یہ اسکول افغان مہاجرین نے قائم کئے ہیں جن میں اساتذہ اور طلباء بھی افغان شہری ہیں یہ اسکول زیادہ تر ہزارہ ٹاؤن، پشتون آباد، علمدار روڈ، کرانی اور قمبرانی کے علاقوں میں واقع ہیں۔ متعلقہ افسران نے ان اسکولوں کا دورہ کرکے تفصیلی ڈیٹا جمع کیا جس میں اساتذہ اور طلباء کی تعداد بھی شامل ہے۔ حکومتی فیصلے کے مطابق ان اسکولوں کو سیل کیا جائے گا اور اساتذہ و طلباء کو ڈی پورٹ کیا جائے گا۔ اجلاس میں نئے تعینات ہونے والے اساتذہ کی تنخواہوں کی ادائیگی کے حوالے سے بھی تفصیلی بات چیت اور فیصلے کیے گئے۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ کوئٹہ کے مختلف اسکولوں میں تجاوزات کے معاملات سامنے آئے ہیں

## صحبت پور ویزا سسٹم میں ملوث سب انسپکٹر سمیت 4 اہلکار نوکری برخاست

**برخاست ہونے والوں میں طالب بہرانی' حوالدار سکندر علی' حوالدار ولی محمد' سپاہی صابر علی شامل**

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور پولیس ویزا سسٹم میں ملوث پائے جانے پر سب انسپکٹر سمیت چار پولیس اہلکاروں کو ملازمت سے برطرف کر دیا گیا صحبت پور پولیس میں ویزا سسٹم ثابت ہونے پر ڈی آئی جی پولیس نصیر آباد ریجن نے سب انسپکٹر طالب بہرانی حوالدار سکندر علی حوالدار ولی محمد سپاہی صابر علی کو ملازمت سے برخاست کر دیا ہے۔

## 12 ربیع الاول پر بلوچستان میں موبائل سروسز بند کرنے کا فیصلہ

**سکیورٹی خدشات کے باعث 5 سے 6 ستمبر تک تھری جی اور فور جی سروسز معطل رہیں گی**

**کوئٹہ سمیت چار اضلاع میں پی ٹی سی ایل وائرلیس انٹرنیٹ سروس بھی بند رکھنے کی ہدایت**

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان بھر میں 12 ربیع الاول کے موقع ........ بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

پر امن و امان کی صورتحال کو برقرار رکھنے کے لیے بلوچستان حکومت نے موبائل اور انٹرنیٹ سروسز بند کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ داخلہ بلوچستان نے وفاقی محکمہ داخلہ کے ذریعے پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کو ایک مراسلہ بھیجا ہے، جس میں سروسز کی بندش کی ہدایت کی گئی ہے۔ فیصلے کے مطابق صوبے بھر میں 5 ستمبر کی شام 5 بجے سے 6 ستمبر کی رات 9 بجے تک تھری جی اور فور جی سروسز بند رہیں گی۔ اس کے علاوہ کوئٹہ کے ساتھ ساتھ نوشکی، خضدار، مستونگ اور بی میں پی ٹی سی ایل اور این ٹی سی وائرلیس انٹرنیٹ سروسز بھی معطل رہیں گی۔ یہ اقدامات سکیورٹی خدشات کے پیش نظر کیے گئے ہیں تاکہ کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچا جا سکے

## اوستہ محمد، جعفر آباد، نصیر آباد میں سیلاب کا خطرہ نہیں' ڈی جی پی ڈی ایم اے

**تاہم ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے تمام انتظامات اسٹینڈ بائی ہیں' جہانزیب خان**

**گڈو اور سکھر بیراج پر پانی کی سطح معمول کے مطابق ہے' صوبائی وزیر کی زیر صدارت اجلاس سے خطاب**

اوستہ محمد (این این آئی) ڈائریکٹر جنرل پی ڈی ایم اے جہانزیب خان نے کہا ہے کہ اوستہ محمد سمیت جعفر آباد، نصیر آباد، صحبت پور میں فی الوقت سیلاب کا کوئی خطرہ نہیں تاہم ممکنہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلئے انتظامات کو اسٹینڈ بائی رکھا ہوا ہے اریگیشن اور ڈرینج سمیت تمام متعلقہ محکموں کو کسی قسم کی سیلابی صورتحال سے نمٹنے کیلئے ہدایات دی گئی ہیں اور انتظا........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

مات کو حتمی شکل دی جا رہی ہے صوبائی وزیر لائیوسٹاک سردارزادہ میر فیصل خان جمالی کی زیر صدارت اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ مون سون کی غیر معمولی بارشوں اور کلاؤڈ برسٹ سے پیدا ہونے والی صورتحال اگرچہ تشویشناک ہے تاہم بلوچستان کو سیلاب سے خطرہ نہیں گڈو اور سکھر بیراج پر پانی کی سطح معمول کے مطابق ہے البتہ پنجند سے آنے والا سیلابی ریلہ کہیں اونچے اور کہیں نچلے درجے کے سیلاب کا سبب بن سکتا ہے ادھر سندھ حکومت نے دریا کے کمزور پشتوں کی مرمت اور انہیں مزید اونچا کرنے کا کام جنگی بنیادوں پر شروع کر رکھا ہے پنجاب سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق دریائے راوی چناب ستلج اور جہلم میں جاری سپر فلڈ میں بتدریج کمی آ رہی ہے

## ژوب و پشین میں اربوں ڈالر مالیت کے نایاب معدنی ذخائر دریافت

**یہ دریافت بلوچستان کی معاشی و صنعتی ترقی میں انقلاب برپا کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے' ماہرین**

کوئٹہ (یو این اے) بلوچستان کے شمالی اضلاع ژوب اور پشین میں اربوں ڈالر مالیت کے نایاب اور قیمتی معدنی ذخائر دریافت ہوئے ہیں، جن کی فی ٹن عالمی قیمت 60 ہزار ڈالر تک بتائی جا رہی ہے یہ دریافت ریئر ارتھ میٹریلز، تجیم، نیوبیم، ٹینٹالم اور دیگر نایاب عناصر پر مشتمل ہے جو جدید ٹیکنالوجی، الیکٹرونکس، دفاعی صنعت اور بیٹری مینوفیکچرنگ........ بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

میں استعمال ہوتے ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ اگر ان ذخائر کو شفاف حکومتی نگرانی، جدید ٹیکنالوجی اور مقامی شراکت داری کے ساتھ استعمال کیا گیا تو پاکستان معدنی قوت کے طور پر ابھر سکتا ہے، برآمدات بڑھ سکتی ہیں، زرمبادلہ کے ذخائر مضبوط ہوں گے اور روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے ژوب اور پشین کے عوام نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ منصوبوں میں مقامی لوگوں کو ترجیح دی جائے اور ماحول دوست حکمت عملی اپنائی جائے۔ وفاقی اور صوبائی حکومت نے ابتدائی رپورٹس موصول ہونے کے بعد معدنی ترقیات کے اداروں اور وزارت توانائی کو ہدایات جاری کر دی ہیں

CamScanner

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No. 2

Dated: 05 SEP 2025

Page No. 15

# حکومت صوبے سے پولیو کے خاتمے کیلئے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے، کمشنر کوئٹہ

## ضلعی انتظامیہ کی جانب سے انسداد پولیو مہم کو بھرپور معاونت فراہم اور ہر بچے تک پولیو کے قطروں کی رسائی یقینی بناتی ہے

## پولیو سے متعلق انٹرنیشنل ایمرجنسی نافذ ہے، پلان کو مزید مؤثر بنانا ہے، شاہزیب خان کی ڈبلیو ایچ او کے وفد سے بات چیت

کوئٹہ (خ ن) کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ سے ڈبلیو ایچ او کے ریجنل ڈائریکٹر برائے انسداد پولیو ڈاکٹر حامد جعفری، پاکستان میں ڈبلیو ایچ او کے انسداد پولیو پروگرام کے ڈپٹی ٹیم لیڈر ڈاکٹر محمد صغیر اور صوبائی ٹیم لیڈر ڈاکٹر جہانزیب خان کاکڑ کے ہمراہ ملاقات کی۔ اس دوران کوئٹہ بلاک میں پولیو کی صورتحال، اس کے خاتمے کے لیے جاری سرگرمیوں، انسداد پولیو مہم کی حکمت عملی اور افغان شہریوں کی وطن واپسی کے اثرات پر تفصیلی بات چیت کی گئی۔ کمشنر کوئٹہ ڈویژن نے پولیو کے خاتمے کیلئے اٹھائے گئے اقدامات پر بریفنگ دی اور پولیو کے خاتمے کو قومی ذمہ داری قرار دیتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ اس مہم کو ہر ممکن تعاون فراہم کر رہی ہے۔ کوئٹہ بلاک پولیو کے حوالے سے انتہائی حساس علاقہ ہے اس سلسلے میں انتظامیہ کا کردار اہمیت کا حامل ہے۔ ضلعی انتظامیہ انسداد پولیو مہم کے دوران یقینی بناتی ہے کہ کوئی ایک بچہ بھی حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے۔ پولیو مہم کو کامیابی سے ہم کنار کرنے کے لیے ٹیموں کی نگرانی، ان کی کارکردگی اور معاشرے کی شمولیت کا خاص خیال رکھا جاتا ہے تاکہ مہم کے دوران کوئی مشکل درپیش نہ آئے۔ انہوں نے کہا کہ انسداد پولیو مہم میں جہاں رکاوٹ پیدا ہوتی ہے وہاں علاقے کے معتبرین اور علماء کرام سے مدد لی جاتی ہے۔ پولیو کے حوالے سے انٹرنیشنل ایمرجنسی نافذ ہے لہٰذا ہمیں اپنے پلان کو مزید مؤثر بنانا ہے

# فرائض میں غفلت کے مرتکب اہلکاروں کیخلاف کارروائی ہو گی، کمانڈنٹ بی سی

## جوان دوران ڈیوٹی موبائل فون کا ہرگز استعمال نہ کریں، موجودہ حالات میں غفلت و کوتاہی سے کوئی بھی بڑا سانحہ پیش آسکتا ہے

## ملک دشمن عناصر امن سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، انکا تدارک ہمارا فرض ہے، آغا محمد یوسف کا اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) بی سی ہیڈ کوارٹرز بدر لائن میں 12 ربیع اول کے حوالے سے سیکورٹی کے پیش نظر اجلاس ایڈیشنل آئی جی پی کمانڈنٹ بلوچستان کانسٹیبلری آغا محمد یوسف کی صدارت میں ہوا جس میں ایس ایس پی ہیڈ کوارٹرز زونل کمانڈرز، اسٹار ڈائریکٹر اسد اللہ اور بلوچستان کانسٹیبلری کے آؤٹ زونز کے زونل کمانڈرز نے بذریعہ ویڈیو لنک شرکت کی۔ کمانڈنٹ بی سی آغا محمد یوسف نے کہا کہ پچھلے کچھ عرصے سے ملک دشمن عناصر سرگرم ہیں اور بلوچستان کے امن کو سبوتاژ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دوسری جانب مشاہدے میں آیا ہے کہ جوان دوران ڈیوٹی غفلت کے مرتکب پائے گئے ہیں اور دوران ڈیوٹی اکثر اوقات موبائل کے استعمال میں مصروف رہتے ہیں اور ڈیوٹی اور موجودہ حالات کی پرواہ نہیں کرتے جس سے جانی و مالی نقصان کا اندیشہ ہے۔ اس بابت تمام افسران کو سختی سے ہدایت کی جاتی ہے کہ ڈیوٹی پر جانے والے تمام ملازمین کو موجودہ حالات کی بابت تفصیل سے بریف کریں اور دوران ڈیوٹی الرٹ ہو کر ڈیوٹی کرنے کی ہدایت کریں اور ڈیوٹی کے دوران موبائل فون کا ہرگز استعمال نہ کریں۔ اپنا اسلحہ کسی کے حوالے کرنے سے بہتر ہے کہ شہید ہو جائیں مگر اپنا اسلحہ کسی ملک دشمن عناصر کے حوالے نہ کریں جس سے محکمہ کی بدنامی ہو۔ اگر دوران ڈیوٹی کوئی ملازم غفلت یا لاپرواہی کا مرتکب پایا گیا تو ملازم کے ساتھ انچارج کے خلاف بھی سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی

# بھارت نے بلوچستان میں ٹارگٹ کلنگ مہم چلائی، امریکہ کی ترجیح اب پاکستان ہے: عالمی جریدہ

## پاکستان کی متوازن خارجہ و مؤثر ملٹری ڈپلومیسی عالمی افق پر کامیابیوں کی نوید، پاک بھارت تنازع نے بھی امریکی اندازے بدل دیئے

## پاکستان امریکہ کیلئے جنوبی ایشیا، مشرق وسطیٰ میں اہم کردار کا حامل، بھارت کا مذاکرات سے مسلسل انکار مستقل بے یقینی، بگاڑ پیدا کر رہا ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان کی متوازن خارجہ پالیسی اور مؤثر ملٹری ڈپلومیسی عالمی افق پر کامیابیوں کی نوید بن گئی، عالمی منظر نامے میں پاکستان کی بڑھتی اہمیت پر بین الاقوامی جریدے دی ڈپلومیٹ کی رپورٹ منظر عام پر آ گئی، بین الاقوامی جریدے........

بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

دی ڈپلومیٹ کے مطابق امریکی ترجیحات میں تبدیلی آئی اور جھکاؤ بھارت کی بجائے پاکستان کی جانب واضح ہے، پاکستان امریکہ کیلئے جنوبی ایشیا اور مشرق وسطیٰ میں اہم کردار کا حامل ہے، حالیہ پاک بھارت تنازع نے بھی امریکہ کے اندازے یکسر بدل دیئے، بدلتے حالات کے پیش نظر بھارت کیلئے نیٹ سکیورٹی پرووائیڈر کا کردار بھی ادا کرنا مشکل نظر آ رہا ہے، امریکہ پاکستان تعلقات کے فروغ سے مشترکہ مفادات کی ہم آہنگی مزید بہتر ہو گئی، امریکہ اب بھارت کو جنوبی ایشیا میں متبادل شراکت دار کے طور پر نہیں دیکھ رہا،

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: JANG QUETTA
Bullet No. 3
Dated: 05 SEP 2025
Page No. 17

# آل پارٹیز نے شاہوانی اسٹیڈیم حملے کیخلاف 8 ستمبر کو پہیہ جام، شٹر ڈاؤن کا اعلان کردیا

## حکومت ملزمان کو تلاش نہ کرسکی تو ذمہ دار ریاست اور اسکے ادارے ہونگے، محمود اچکزئی، سردار اختر مینگل، اصغر اچکزئی ودیگر

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) آل پارٹیز کے رہنماؤں نے شاہوانی اسٹیڈیم سریاب روڈ پر سردار عطا اللہ مینگل کی چوتھی برسی کے موقع پر ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید مذمت کرتے ہوئے 8 ستمبر کو صوبے بھر میں ریل سمیت پہیہ جام، شٹر ڈاؤن، جلسے اور احتجاجی مظاہروں کا اعلان کیا ہے ان خیالات کا اظہار تحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ و چیئرمین پشتونخوا ملی عوامی پارٹی محمود خان اچکزئی، بلوچستان نیشنل پارٹی کے سربراہ سردار اختر جان مینگل، اے این پی کے صوبائی صدر اصغر خان اچکزئی، پی ٹی آئی کے صوبائی صدر داود کاکڑ، مجلس وحدت المسلمین کے علامہ ولایت حسین جعفری نے کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کیا اس موقع پر محمود خان اچکزئی نے کہا کہ گزشتہ دو دنوں سے میں اس دھماکے کے مقصد کو نہ سمجھ سکا اور نہ اس سے سنبھل سکا ہوں۔ ہمارے ملک میں اصل حکمران آرمی چیف ہیں جو حافظ قران بھی ہیں اور یہ حقیقت کسی سے ڈھکی چھپی نہیں۔ اس ملک میں بارہا آئین کو توڑا گیا مگر آج تک کسی سے باز پرس تک نہیں کی گئی۔ یہاں بیٹھے بیشتر رہنماؤں نے کئی مرتبہ بطور ممبر پارلیمنٹ آئین کی پاسداری اور اس کے تحفظ کا حلف اٹھایا ہے۔ ہم آئین کے تحفظ اور بالادستی کے لیے جمہوری اور سیاسی جدوجہد کرتے رہیں گے۔ یہاں نہ کوئی آقا ہے اور نہ غلام ہم انسانیت پر یقین رکھتے ہیں اور رنگ، نسل، زبان اور عقیدے کی بنیاد پر امتیاز کو مسترد کرتے ہیں۔ دھماکے کے ذمہ داروں کو تلاش کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے۔ اگر ذمہ داروں کو تلاش نہ کیا جاسکا تو ہمارے قتل کے ذمہ دار ریاست اور اس کے ادارے ہوں گے۔ ہم جھکنے والے نہیں اور عوام کے حقوق غصب کرنے والوں سے آخری دم تک لڑیں گے۔ محمود خان اچکزئی نے 8 ستمبر کے جامع سیاسی احتجاج کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ اگر ہم عوام کے جذبات سے کھیلنا چاہتے تو اس رات ہماری جماعتوں کے کارکن صوبے کے تمام تھانے اور سرکاری دفاتر جلا سکتے تھے لیکن ہم نے ایک پرامن، سنجیدہ اور مؤثر سیاسی جواب دینے کا فیصلہ کیا ہے۔ 8 ستمبر کو ریل، ایئرپورٹ، پہیہ اور شٹر سمیت سب کچھ بند ہوگا۔ ڈیورنڈ لائن اور ایران کے ساتھ متصل بارڈرز پر تمام تجارتی راستے کھولے جائیں اور ان پر مناسب قواعد وضوابط کے ساتھ آزادانہ تجارت کروائی جائے۔ آخر میں انہوں نے تمام سیاسی جماعتوں بشمول پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ ن کو دعوت دی کہ آئیں سب مل بیٹھ کر جرنیلوں سے دو ٹوک بات کریں کہ بس بہت ہو چکا، اب ملک کو آئین وقانون اور جمہوری اصولوں کے مطابق چلانا ہوگا۔ سردار اختر جان مینگل نے کہا کہ 2 ستمبر کا سانحہ دل چیر دینے والا واقعہ ہے۔ نہتے کارکنوں کو خون میں نہلا دیا گیا۔ اگر 29 مارچ کے واقعے کے ذمہ داروں کو تلاش کر کے سزا دی جاتی تو 2 ستمبر کے معصومین کا خون ناحق نہ بہتا۔ ریاست سیاسی کارکنوں کے خلاف تو ہر حربہ استعمال کرسکتی ہے لیکن دہشت گردوں کا سراغ لگانے میں ناکام رہتی ہے۔۔ پریس کانفرنس سے نیشنل پارٹی کے کبیر محمد شہی، اے این پی کے اصغر خان اچکزئی، پی ٹی آئی کے داود شاہ کاکڑ اور مجلس وحدت المسلمین کے علامہ ولایت حسین نے بھی خطاب کیا۔ تمام رہنماؤں نے اپنے اپنے جماعتی کارکنوں، عوام، تاجر برادری، ٹرانسپورٹرز، سول سوسائٹی اور ہر شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی تنظیموں اور برادریوں سے اپیل کی کہ وہ 8 ستمبر کو صوبے کے تمام اضلاع میں اس پرامن مگر بھرپور جامع ہڑتال اور احتجاجی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیں تاکہ شہداء کے لہو کو خراج عقیدت پیش کیا جاسکے اور اس سانحہ کے خلاف ایک مؤثر سیاسی پیغام دیا جاسکے۔

# سیاسی پارٹیوں کا اجلاس، پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن کے حوالے سے کمیٹیاں تشکیل

## تمام شاہراہیں، تجارتی مراکز، ریلوے سٹیشنز اور ایئرپورٹ جانیوالے راستے بند ہوں گے

### ٹرانسپورٹرز، مسافروں، سرکاری، پرائیویٹ ملازمین، سکولوں، کالجوں کے طلباء کو سفر سے اجتناب کی ہدایت

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی سیکرٹریٹ میں صوبے کی سیاسی پارٹیوں بلوچستان نیشنل پارٹی، پشتونخوا ملی عوامی پارٹی، نیشنل پارٹی، عوامی نیشنل پارٹی، پاکستان تحریک انصاف، مجلس وحدت المسلمین کا اجلاس پشتونخوامیپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں شاہوانی اسٹیڈیم میں جلسے کے اختتام پر خودکش حملے کے خلاف پیر 8 ستمبر کو صوبہ بھر میں مکمل پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کی تیاریوں کے حوالے سے کمیٹیاں تشکیل دی گئی اور مکمل تیاری کے لیے فیصلے کیے گئے اجلاس میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری ملک نصیر شاہوانی، سینٹرل ایگزیکٹوز کمیٹی ممبر غلام نبی مری، پشتونخوامیپ کے مرکزی اطلاعات سیکرٹری تاکسند خان، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، نیشنل پارٹی کے صوبائی صدر ڈاکٹر اسلم بلوچ، چنگیز بلوچ، عوامی نیشنل پارٹی کے مرکزی ایگزیکٹیو رشید خان ناصر، صوبائی جنرل سیکرٹری مابت کاکا، پاکستان تحریک انصاف کے صوبائی صدر داؤد شاہ کاکڑ، کوئٹہ کے سیکرٹری جنرل سلام آغا، مجلس وحدت المسلمین کے صوبائی نائب صدر علامہ ولایت حسین اور حاجی غلام حسین نے شرکت کی۔ اجلاس میں کہا گیا کہ 2 ستمبر کا خودکش حملہ جس میں 14 سیاسی کارکن شہید اور چالیس سے زیادہ زخمی ہوئے یہ خودکش حملہ براہ راست صوبے کی مختلف سیاسی جماعتوں کے صف اول کے قائدین اور ہماری قومی سیاسی جمہوری سوچ پر حملہ تھا اس سانحہ کے خلاف 8 ستمبر کو صوبہ بھر میں شٹر ڈاؤن اور پہیہ جام ہڑتال ہوگی تمام شاہراہیں، تجارتی اور سرکاری مراکز بند ہونگے، ریلوے سٹیشنز اور ایئرپورٹ جانیوالے راستے بند ہوں گے۔ ہر مکتبہ فکر کے لوگ بالخصوص ٹرانسپورٹرز، مسافر حضرات، سرکاری، پرائیویٹ ملازمین، سکولوں، کالجوں کے طلباء ہر قسم کے سفر سے اجتناب کریں۔ اجلاس میں صوبے کے تمام سیاسی جمہوری وطن دوست قوتوں اور عوام سے اپیل کی گئی کہ وہ 8 ستمبر کو پہیہ جام اور شٹر ڈاؤن ہڑتال کو کامیاب بنانے میں اپنا کردار ادا کرے۔ اجلاس میں تمام شریک پارٹیوں کے ضلعی تنظیموں کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ مشترکہ اجلاس منعقد کرکے ہڑتال کی کامیابی کے لیے ضلعی سطح پر کمیٹیوں کی تشکیل کرے اور عوام کو متحرک کرنے کے لیے بھرپور مثبت، تعمیری اور عوام کردار ادا کرنے کی ہدایت کی گئی ہے۔

# ملک کو چلانے کیلئے بہترین راستہ آئین اور پارلیمنٹ کی بالادستی ہے، محمود اچکزئی

## تمام ادارے اپنی حدود میں رہ کر کام کریں، نفرتیں اور کدورتیں بے انصافی سے پیدا ہوتی ہیں، خطاب

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے چیئرمین وتحریک تحفظ آئین پاکستان کے سربراہ رکن قومی اسمبلی محمود خان اچکزئی نے کہا ہے کہ پاکستان کا مسئلہ سیاسیات میں پھنسا ہوا ہے اس لئے تمام ادارے اپنی حدود میں رہ کر کام کریں تاکہ مسائل حل ہوسکیں تاجر برداری اگر اسلام کے مطابق تجارت کو فروغ دے تو دنیا بھر کے تاجر آپ کے ساتھ کاروبار کرنے کیلئے تیار ہونگے برادر اسلامی ممالک افغانستان اور ایران کے ساتھ تجارت کو فروغ دینے کیلئے پارلیمنٹ سمیت ہر فورم پر جدوجہد کرینگے ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ چیمبر آف سمال انڈسٹریز کے عہدیداروں اور ممبران کی جانب سے ان کے اعزاز میں دیئے گئے عشائیہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان کا مسئلہ سیاسیات میں پھنسا ہوا ہے ملک ایک سماجی معاہدے کے تحت چلتے ہیں اس سماجی معاہدے میں ادارے ایک فریم ورک کے تحت کام کرتے ہیں تاجر اس ملک میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں تاجر اگر ایمانداری سے کام کریں گے تو ہمارے لوگوں کے بہت سے مسائل حل ہوں گے تجارت اگر ایمانداری سے کی جائے تو یہ ایک مقدس پیشہ ہے امام ابو حنیفہ خود تاجر تھے کاروبار میں ان کا تقویٰ اور ایمانداری ہم سب کیلئے مشعل راہ ہے کسٹم اور دیگر اداروں سے ہمارے تاجروں کو اکثر مسائل رہتے ہیں کراچی اور لاہور کے تاجروں سے بھی مشکلات درپیش ہیں وہ کسٹم کو مجبور کرتے ہیں یہ تجارت ایران اور افغانستان کی سرحدوں کی بجائے سمندری راستوں کے ذریعے ہونی چاہیئے انہوں نے کہا کہ تاجروں کو درپیش مسائل کے حل کیلئے جو ہم سے جو کچھ ہوسکا کریں گے چمن ہمارا مستقبل کا ہانگ کانگ ہے، بلوچ، پشتون، پنجابی اور سندھی ایک ہی ملک کے باسی ہیں ان کی زمین سے جو بھی وسائل نکلیں ان پر 30 فیصد ان کا حق ہے وہ انہیں دیا جائے اور باقی 70 فیصد جس کو چاہیں فروخت کریں۔

# قبضہ مافیا اور کرپٹ عناصر کو کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، ہدایت الرحمٰن

## عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ کوئٹہ کے عوامی مسائل پر خاموش تماشائی بننے کے بجائے جماعت اسلامی عملی طور پر میدان میں اتری ہے، کوئٹہ میں قلت آب، نالیوں پر قبضہ اور نالیوں کی بندش کے خلاف بلوچستان ہائی کورٹ میں باضابطہ کیس دائر کردیا ہے، کیس کی پیروی جماعت اسلامی بلوچستان وکلاء ونگ کے صدر سردار شیر دل خان ایڈوکیٹ کریں گے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ قبضہ مافیا اور کرپٹ عناصر نے عوامی سہولتوں کو اپنی جاگیر بنا کر شہریوں کو اذیت میں مبتلا کردیا ہے، جسے کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا، جماعت اسلامی یہ باور کراتی ہے کہ عوام کے مسائل حل کرنے کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کی جائے گی۔ ہم حکومت اور انتظامیہ پر واضح کرتے ہیں کہ عوامی سہولتوں پر قبضے کرنے والے عناصر کے خلاف فوری کارروائی کی جائے بصورت دیگر جماعت اسلامی عوام کے ساتھ مل کر سخت مزاحمت کریگی۔

CamScanner

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 3

Dated 03 SEP 2025 Page No. 18

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4 Dated: 05 SEP 2025 Page No. 19


## سوراب، کھوریان کے مقام پر گاڑی پر فائرنگ، دو افراد جاں بحق

**مرنے والوں کا تعلق سوراب کے نواحی علاقے جیواء سے تھا، لاشیں ورثاء کے سپرد**

سوراب (نامہ نگار) کوئٹہ کراچی قومی شاہراہ لاکھوریان کے مقام پر مسلح افراد کی ایک گاڑی پر فائرنگ کے نتیجے میں دو افراد موقع پر جاں بحق ہو گئے۔ مرنے والوں کا تعلق سوراب کے نواحی علاقہ جیواء سے بتایا جاتا ہے۔ تفصیلات کے مطابق جمعرات کو کراچی قومی شاہراہ پر لاکھوریان کے مقام پر مسلح افراد نے ایک کار پر فائرنگ کردی جس سے دو افراد رسول بخش ولد عبدالٰہی زہری اور طالب علی ولد رحیم بخش رندازئی مینگل جو اپنی گاڑی میں اپنے علاقہ جیواء جارہے تھے جاں بحق ہو گئے۔ سوراب لیویز نے موقع پر پہنچ کر مقتولین کی لاشیں ڈی ایچ کیو سوراب پہنچادی گئیں۔ جہاں ضروری کارروائی کے بعد نعشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ تاحال فائرنگ اور قتل کی وجوعات معلوم نہیں ہوسکی ہیں۔

## نیو سریاب تھانے پر دستی بم حملہ، دو راہگیر زخمی

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) نیو سریاب تھانہ پر موٹر سائیکل سواروں کا دستی بم حملہ، دو راہ گیر زخمی ہو گئے، پولیس کے مطابق نیو سریاب تھانہ پر گزشتہ شب نامعلوم موٹر سائیکل سواروں نے دستی بم پھینکا جو سروس روڈ پر گر کر زوردار دھماکہ سے پھٹ گیا دھماکہ کی زد میں آکر دو راہ گیر شاہ نواز اور غلام قادر زخمی ہو گئے، اطلاع ملنے پر پولیس اور سیکورٹی فورسز کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لیا زخمیوں کو ہسپتال منتقل کیا ملزمان کی تلاش شروع کردی گئی۔

## پنجگور: وشبود کے علاقے زراب برساتی نالہ سے نعش برآمد

پنجگور (نامہ نگار) پنجگور پولیس تھانہ وشبود کے علاقے زراب برساتی نالہ سے ایک نعش ملی ہے نعش کی شناخت سبزل ولد لعل محمد قوم بلوچ ساکن وشاپ پنجگور سے ہوئی ہے جسکو گولیاں مار کر قتل کیا گیا ہے مقتول کے رشتہ داروں کا کہنا ہے کہ گزشتہ شب تقریباً 3 بجے رات ویگو گاڑی پر سوار تقریباً 15/10 مسلح افراد نے انکو بردستی اپنے ساتھ لے گئے بعد میں قتل کر کے نعش کو پھینک دیا گیا نعش کو ٹیچنگ ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے پولیس مزید کارروائی کررہی ہے۔

## دکی: معصوم بچوں کے سامنے باپ قتل، رہزن موٹر سائیکل لے اڑے

**بلال آباد کا مرزا خان بچوں کے ساتھ موٹر سائیکل پر جارہا تھا، مزاحمت پر جان سے ہاتھ دھو بیٹھا**

**عیدگاہ کے مقام پر آغا جان نامی شخص سے بھی اسلحہ کے زور پر موٹر سائیکل، موبائل فون اور نقدی چھین لی گئی**

دکی (نامہ نگار) رہزنوں نے موٹر سائیکل چھیننے کے دوران مزاحمت پر 2 بچوں کے سامنے ان کے باپ کو گولی مار دی اور موٹر سائیکل لے اڑے۔ ذرائع کے مطابق دکی محلہ جلال آباد میں ایک شخص مرزا خان قوم سلیمانخیل سکنہ جلال آباد اپنے دو چھوٹے بچوں کے ہمراہ موٹر سائیکل پر گھر جارہا تھا کہ مسلح ڈاکوؤں نے موٹر سائیکل چھیننے کی کوشش کی اور مزاحمت پر فائرنگ کر کے اسے بچوں کے سامنے قتل کر ڈالا اور اس کی موٹر سائیکل لے اڑے۔ لاش کو ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردیا گیا۔ ایک اور واقعہ میں صبح 6 بجے مسلح رہزن شہر کے قریب عیدگاہ کے مقام پر آغا جان نامی شخص سے اسلحے کے زور پر موٹر سائیکل موبائل فون اور نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔

## گنداواہ آنے والی ویگن کے مسافروں کو ڈاکوؤں نے لوٹ لیا

گنداواہ (نامہ نگار) جیکب آباد سے گنداواہ آنے والی ویگن کے مسافروں کو ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر لوٹ لیا اور باآسانی فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد سے گنداواہ آنے والی ویگن کو ڈاکوؤں نے لیویز تھانہ میر پور باغ ندی اور پٹ کالڑہ لیویز چوکی کے درمیان اسلحہ کے زور پر روک لیا اور مسافروں سے ہزاروں نقد، قیمتی سامان اور موبائل فون لوٹ لیے اور باآسانی موٹر سائیکلوں پر فرار ہو گئے۔

MASHRIQ QUETTA

## بختیار آباد اور سوراب میں فائرنگ سے 3 جاں بحق

بختیار آباد، سوراب (سٹی رپورٹر، نامہ نگار) بختیار آباد کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا اور فرار ہو گئے لیویز کے مطابق گزشتہ روز بختیار آباد کے علاقے میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص کو قتل کردیا لیویز کے عملے نے ........ بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

موقع پر پہنچ کر نعش ہسپتال منتقل کردی جس کی شناخت علی بابا کے نام سے کی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی گئی

## اوستہ محمد، پولیس و سی آئی اے کی کارروائی، سیاہ کاری کے مقدمے میں مطلوب ملزم گرفتار

اوستہ محمد (رپورٹ حنیف بلوچ) اوستہ محمد پولیس تھانہ صدر اور سی آئی اے پولیس کی مشترکہ کارروائی سیاہ کاری جیسے سنگین مقدمے میں ملوث مرکزی ملزم گرفتار، تفصیلات کے مطابق ایس پی اوستہ محمد حسنین وارث کی ہدایات پر ڈی ایس پی سرکل اوستہ محمد محمد داؤد کھوسہ کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ صدر اوستہ محمد سکندر علی لہڑی اور انچارج سی آئی اے اسٹاف مقبول احمد جمالی نے خفیہ اطلاع پر مشترکہ کارروائی کرتے ہوئے کیا

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Daily JANG QUETTA

Bullet No. 5

Dated: 05 SEP 2025 Page No. 20

## وزیراعلیٰ مجھے روزگار دینے کا وعدہ پورا کریں، حافظ آفتاب حسین بگٹی

**میں اور میرا بھائی بینائی سے محروم، اہلخانہ کا پیٹ پالنے کیلئے مزدوری بھی نہیں کرسکتے، پریس کانفرنس**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ڈیرہ بگٹی کے رہائشی بینائی سے محروم حافظ آفتاب حسین بگٹی نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ بلوچستان مجھے روزگار دینے کا وعدہ پورا کریں تاکہ میں باعزت طریقے سے زندگی گزار سکوں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کو کوئٹہ پریس کلب میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہی۔ انہوں نے کہا کہ میں اور میرا بھائی پیدائشی طور پر بینائی سے محروم ہیں اس لئے ہم اپنا اور اپنے اہلخانہ کا پیٹ پالنے کے لئے محنت مزدوری بھی نہیں کرسکتے، میں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے علاقے سے تعلق رکھتا ہوں امید ہے وہ میری مدد کریں گے تاکہ میں عزت کی زندگی گزار سکوں اور اپنے اہلخانہ کا سہارا بن سکوں میں نے وزیراعلیٰ سے ملاقات کی تھی جس میں انہوں نے مجھے ملازمت دینے کا وعدہ کیا تھا جس کے لئے میں نے اپنے دستاویزات جمع کرائے تھے بعد میں معلوم کرنے پر پتہ چلا کہ کاغذات گم گئے ہیں اس کے بعد دوبارہ کاغذات جمع کرائے۔ میں نے روزگار کے حصول کے لئے وزیراعلیٰ سے متعدد بار ملنے کی کوشش کی لیکن ملنے نہیں دیا گیا آج میڈیا کے توسط سے اپنی آواز ان تک پہنچانا چاہتا ہوں، انہوں نے کہا کہ کئی حکومتی اراکین نے بھی روزگار فراہم کرنے کے وعدے کیے لیکن وعدے پورے نہیں کئے گئے۔ انہوں نے کہا کہ میڈیا کے ذریعے وزیراعلیٰ سرفراز بگٹی تک اپنا پیغام پہنچانا چاہتا ہوں اور ان سے اپیل کرتا ہوں کہ مجھے روزگار فراہم کیا جائے۔

Century Express Quetta

## کوئٹہ میں 20 کلو آٹے کی قیمت 2300 روپے ہوگئی

**فی تھیلا 7 سو روپے کا اضافہ، شہریوں کی پریشانی بڑھ گئی، قیمتیں کنٹرول کرنے کا مطالبہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں مصنوعی مہنگائی کا جن بے قابو ہوگیا ہے، جس کے باعث شہریوں کو بنیادی ضروریات کے حصول میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ مارکیٹ ذرائع کے مطابق گندم کی قیمتوں میں اضافے نے آٹے کی قیمتوں کو نئی بلندیوں تک پہنچا دیا ہے۔ صرف گزشتہ چند دنوں میں 20 کلو آٹے کے تھیلے کی قیمت میں 700 روپے کا ہوشربا اضافہ ریکارڈ کیا گیا، 20 کلو کے تھیلے کی قیمت بڑھ کر 2300 روپے ہوگئی جس نے شہریوں کی پریشانیوں میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ فلور ملز مالکان نے دعویٰ کیا کہ پنجاب سے گندم اور آٹے کی بین الصوبائی ترسیل پر پابندیوں نے سپلائی کو متاثر کیا جس سے قیمتیں بڑھ رہی ہیں۔ شہریوں نے مہنگائی کے اس طوفان پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت سے فوری اقدامات کا مطالبہ کیا ہے تاکہ قیمتوں کو کنٹرول کیا جاسکے۔

CamScanner

## دہشتگردی کی عفریت کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے

وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے کوئٹہ میں بلوچستان نیشنل پارٹی کے جلسے میں دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے کہا ہے کہ دہشتگردی کی عفریت کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے۔ وزیر اعظم ہاؤس سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے دھماکے میں قیمتی جانوں کے ضیاع پر دکھ اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کی دعا کی۔ وزیر اعظم نے زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کرنے اور دھماکے میں ملوث افراد کی جلد نشاندہی کر کے انہیں کیفر کردار واقعی سزا دلوانے کی ہدایت دی۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جلسے پر حملہ بلوچستان میں دہشتگردوں کی انتشار پھیلانے کی گھناؤنی سازش کا منہ بولتا ثبوت ہے، دہشتگرد بلوچستان کے امن اور ترقی کے دشمن ہیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ دہشتگردی کی عفریت کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، معصوم و نہتے شہریوں پر دہشتگرد حملے بزدلانہ اور قابل مذمت ہیں۔ سیاسی جلسے پر حملہ بلوچستان میں دہشتگردوں کی انتشار پھیلانے کی گھناؤنی سازش کا منہ بولتا ثبوت ہے، دہشتگرد بلوچستان کے امن اور ترقی کے دشمن ہیں۔ وزیر اعظم نے مزید کہا کہ دہشتگردی کی عفریت کے مکمل خاتمے تک اس کے خلاف جنگ جاری رکھیں گے، معصوم و نہتے شہریوں پر دہشتگرد حملے بزدلانہ اور قابل مذمت ہیں۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا اور بلوچستان نیشنل پارٹی مینگل کے جلسے کے دوران کوئٹہ میں ہونے والے خودکش دھماکے پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جلسے پر حملہ بلوچستان میں دہشتگردوں کی جانب سے انتشار پھیلانے کی گھناؤنی سازش کا واضح ثبوت ہے اور دہشتگرد بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں۔ دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر متاثرہ خاندانوں سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحتیابی کے لیے دعا کی۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی جلسے پر حملہ بلوچستان میں دہشتگردوں کی جانب سے انتشار پھیلانے کی گھناؤنی سازش کا واضح ثبوت ہے اور دہشتگرد بلوچستان کے امن، ترقی اور خوشحالی کے دشمن ہیں۔ شہباز شریف نے واضح کیا کہ دہشتگردی کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی اور معصوم شہریوں پر حملے بزدلانہ اور قابلِ مذمت ہیں۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ سیکیورٹی انتظامات مزید مؤثر بنائے جائیں دہشتگردی کے خاتمے تک جنگ جاری رہے گی اور معصوم شہریوں پر حملے بزدلانہ اور قابلِ مذمت ہیں۔ انہوں نے قانون نافذ کرنے والے اداروں کو ہدایت کی کہ سیکیورٹی انتظامات مزید مؤثر بنائے جائیں تا کہ ایسے حملوں کی روک تھام کی جا سکے۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے دھماکے کی تفصیلات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ اعلیٰ سطح پر تحقیقات جاری ہیں تا کہ ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جا سکے۔ جبکہ زخمیوں کو بہترین طبی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں اور شہدا کے لواحقین کو تنہا نہیں چھوڑا جائے گا۔ وزیر اعظم نے صوبائی حکومت کو ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ وفاقی حکومت بلوچستان میں امن و امان کی بحالی کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے گی اور دہشتگردوں کے خلاف کارروائی میں کوئی کسر نہیں چھوڑی جائے گی۔

## سریاب واقعہ کنٹرول سے باہر تھا اور اس کی روک تھام ممکن نہیں تھی

ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ بلوچستان حمزہ شفقات نے کہا ہے کہ سریاب واقعہ کنٹرول سے باہر تھا اور اس کی روک تھام ممکن نہیں تھی جب کہ کوئٹہ میں ہونے والے دھماکے سے قبل منتظمین کو 3 دفعہ جلسہ ختم کرنے کا کہا تھا لیکن اسے سنجیدہ نہیں لیا گیا شاہوانی گراؤنڈ کے قریب گزشتہ رات پیش آنے والے خودکش بم دھماکے نے صوبے کو ہلا کر رکھ دیا حمزہ شفقات کہا ہے کہ حملہ روکنا تقریباً ناممکن تھا۔ حمزہ شفقات نے بتایا کہ خودکش دھماکہ جلسہ ختم ہونے کے 45 منٹ بعد قبرستان کے قریب، جو جلسہ گاہ سے 500 میٹر کے فاصلے پر تھا، رات 9:40 بجے پیش آیا۔ اس المناک واقعے میں 15 افراد شہید ہوئے جن میں 2 پولیس اہلکار بھی شامل ہیں، جبکہ 32 افراد شدید اور 40 معمولی زخمی ہوئے۔ خودکش حملہ آور کی باڈی برآمد کر لی گئی ہے اور اس کی عمر 30 سال سے کم تھی۔ حملے میں 8 کلو بارودی مواد استعمال کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ جلسے کی این او سی سہ پہر 3 بجے کی تھی لیکن جلسہ رات 9 بجے تک جاری رہا، جس کے باعث دھماکے کے وقت بی این پی کے سربراہ اختر مینگل محفوظ رہے۔ حملے کے موقع پر ریلی کے لیے 112 سیکورٹی اہلکار تعینات تھے، اور قائدین کو مکمل سیکیورٹی فراہم کی گئی تھی۔ حمزہ شفقات نے کہا کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہدا کے لواحقین کے لیے 15 لاکھ، شدید زخمیوں کے لیے 5 لاکھ اور معمولی زخمیوں کے لیے 2 لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں اس وقت 22 کے قریب تھریٹ الرٹس موجود ہیں، صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ ہے، اور ربیع الاول کے موقع پر نکلنے والے جلوسوں کے لیے خصوصی ایس او پیز جاری کی گئی ہیں۔ مغرب کے بعد کسی ریلی یا جلوس کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری نے بتایا کہ دہشت گرد شہر کا امن خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم حکومت اور سیکیورٹی ادارے پوری ذمہ داری سے کام کر رہے ہیں۔ نئے انٹی سب ورژن سیل کا قیام عمل میں لایا گیا ہیوزیر اعلیٰ بلوچستان نے شہدا کے لواحقین کے لیے 15 لاکھ، شدید زخمیوں کے لیے 5 لاکھ اور معمولی زخمیوں کے لیے 2 لاکھ روپے امداد کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان میں اس وقت 22 کے قریب تھریٹ الرٹس موجود ہیں، صوبے بھر میں دفعہ 144 نافذ ہے، اور ربیع الاول کے موقع پر نکلنے والے جلوسوں کے لیے خصوصی ایس او پیز جاری کی گئی ہیں۔ مغرب کے بعد کسی ریلی یا جلوس کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ ایڈیشنل چیف سیکریٹری نے بتایا کہ دہشت گرد شہر کا امن خراب کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، تاہم حکومت اور سیکیورٹی ادارے پوری ذمہ داری سے کام کر رہے ہیں۔ نئے انٹی سب ورژن سیل کا قیام عمل میں لایا گیا ہے جبکہ بہت جلد وزیر اعلیٰ بلوچستان سینٹر آف ایکسیلنس کا بھی اعلان کیا جائے گا۔ انہوں نے صوبے میں جاری انسدادِ پولیو مہم، سیلاب کے خدشات کے پیش نظر کچے علاقوں سے انخلا اور غیر قانونی مقیم افراد کے خلاف کارروائیوں کا بھی ذکر کیا۔ حمزہ شفقات نے کہا کہ گزشتہ سال 7 ارب روپے سے زائد کی اسمگلنگ روکی گئی اور 3 ہزار سے زائد بینک اکاؤنٹس بلاک کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ دہشتگردی کے اس بزدلانہ واقعے کے باوجود سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات سے جانی نقصان کم ہوا، اور مستقبل میں کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے حفاظتی اقدامات مزید سخت کیے جائیں گے۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ سیکیورٹی اداروں کے تعاون کو یقینی بنائیں اور کسی غیر مصدقہ خبر یا افواہ پر یقین نہ کریں۔ پولیو مہم، سیلاب کے خدشات کے پیش نظر کچے علاقوں سے انخلا اور غیر قانونی مقیم افراد کے خلاف کارروائیوں کا بھی ذکر کیا۔ حمزہ شفقات نے کہا کہ گزشتہ سال 7 ارب روپے سے زائد کی اسمگلنگ روکی گئی اور 3 ہزار سے زائد بینک اکاؤنٹس بلاک کیے جا چکے ہیں۔ انہوں نے زور دیا کہ دہشتگردی کے اس بزدلانہ واقعے کے باوجود سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات سے جانی نقصان کم ہوا، اور مستقبل میں کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے حفاظتی اقدامات مزید سخت کیے جائیں گے۔ دہشتگردی کے اس بزدلانہ واقعے کے باوجود سیکیورٹی کے مؤثر انتظامات سے جانی نقصان کم ہوا، اور مستقبل میں کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے حفاظتی اقدامات مزید سخت کیے جائیں گے۔ انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ سیکیورٹی اداروں کے تعاون کو یقینی بنائیں اور کسی غیر مصدقہ خبر یا افواہ پر یقین نہ کریں۔ بلوچستان نیشنل پارٹی (بی این پی) کے مرکزی رہنماں نے گزشتہ روز شاہوانی اسٹیڈیم میں ہونے والے خودکش حملے میں زخمی ہونے والے پارٹی کارکنوں کی سی ایم ایچ اور سول اسپتال کے ٹراما سینٹر میں جا کر عیادت کی اور انہیں مکمل یکجہتی کا یقین دلایا۔ وفد کی قیادت بی این پی کے مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری و سابق رکن صوبائی اسمبلی ملک نصیر احمد شاہوانی کر رہے تھے۔ ان کے ہمراہ مرکزی سیکرٹری اطلاعات و سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ، مرکزی کمیٹی کے رکن میر سکندر شاہوانی، ناصر کشانی، کامران کشانی، بسم اللہ سالانی اور دیگر رہنما بھی موجود تھے۔ بی این پی رہنماں نے سی ایم ایچ اسپتال میں زیر علاج کارکنان عادل کشانی، نادر بنگلزئی، نصیب اللہ اور سراج احمد کی تیمارداری کی اور جلد صحت یابی کے لیے نیک تمناں کا اظہار کیا۔ بعد ازاں آغا حسن بلوچ نے سول اسپتال کے ٹراما سینٹر کا دورہ کیا جہاں مرکزی لیبر سیکرٹری موسیٰ بلوچ، مرکزی ہیومن رائٹس سیکرٹری احمد نواز بلوچ، کلیم اللہ [illegible] اور دیگر کارکنان کی خیریت دریافت کی گئی۔ پارٹی رہنماں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بی این پی ایک نظریاتی سیاسی جماعت ہے [illegible] جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اور دہشتگردی کے بزدلانہ واقعات انہیں اپنے مشن سے نہیں ہٹا سکتے۔ انہوں نے زخمیوں کے لیے بہتر علاج و معالجے کی فراہمی کو حکومت کی ذمہ داری قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ حکومت زخمیوں کے علاج میں کوئی کوتاہی نہ برتے۔ بی این پی ایک نظریاتی سیاسی جماعت ہے جو پرامن جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اور دہشتگردی کے بزدلانہ واقعات انہیں اپنے مشن سے نہیں ہٹا سکتے۔ انہوں نے زخمیوں کے لیے بہتر علاج و معالجے کی فراہمی کو حکومت کی ذمہ داری قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ حکومت زخمیوں کے علاج میں کوئی کوتاہی نہ برتے۔ رہنماں نے شہدا کے لواحقین اور زخمی کارکنوں کے خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری پارٹی دکھ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ ہے۔ بہتر علاج و معالجے کی فراہمی کو حکومت کی ذمہ داری قرار دیا اور مطالبہ کیا کہ حکومت زخمیوں کے علاج میں کوئی کوتاہی نہ برتے۔ رہنماں نے شہدا کے لواحقین اور زخمی کارکنوں کے خاندانوں کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پوری پارٹی دکھ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ ہے۔ بی این پی رہنماں نے ایک بار پھر شاہوانی اسٹیڈیم دھماکے کی شدید مذمت کی اور مطالبہ کیا کہ دھماکے میں ملوث عناصر اور ان کے سہولت کاروں کو فوری طور پر گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی دہشتگردی کے خلاف آواز بلند کرتی رہے گی اور عوام کے ساتھ کھڑی ہے۔

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

Bullet No. 6

Daily: MEEZAN QUETTA

Dated: 05 SEP 2025

Page No. 22

## مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجرکاری!

گزشتہ روز کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت ہنہ کے پہاڑوں کو سرسبز وشاداب بنانے اور درخت لگانے کے حوالے سے ایک اہم اجلاس منعقد ہوا۔جس میں ڈپٹی کمشنر کوئٹہ،ڈائریکٹر ڈویلپمنٹ کوئٹہ ڈویژن ظہور احمد،اسسٹنٹ کمشنر پولیٹکل کلیم اللہ سمیت محکمہ جنگلات اور محکمہ ماحولیات کے افسران نے شرکت کی۔اجلاس کو بتایا گیا کہ صوبائی حکومت کی ہدایات کے مطابق ہنہ جھیل کے پہاڑوں پر درخت لگانے اور انہیں سرسبز وخوبصورت بنانے کے لے پلان مرتب کیا جائے گا۔اس موقع پر پانی کی دستیابی،زیر زمین پانی کی صورتحال،موسمی حالات اور موزوں درختوں کے انتخاب کے حوالے سے تفصیلی جائزہ لیا گیا۔اجلاس کو بتایا گیا کہ مون سون کے دوران کوئٹہ میں شجرکاری کی گئی ہے جبکہ مستقبل میں کوئٹہ کے موسم کے مطابق درختوں کا انتخاب کیا جائے گا۔اس مقصد کے لیے ایک جامع فزیبلٹی رپورٹ مرتب کی جائے گی۔جس میں ان درختوں کی نشاندہی کی جائے گی جو مقامی ماحول میں نشوونما پاتے اور کم پانی میں زندہ رہ سکتے ہیں۔اسی طرح سکولوں اور کالجوں میں بھی شجرکاری مہم کو فروغ دینے کے لیے اقدامات کئے جائیں گے تاکہ معاشرے میں ماحول دوست رویوں کو فروغ دیا جاسکے۔

ہم سمجھتے ہیں کہ کمشنر کوئٹہ ڈویژن شاہزیب خان کاکڑ کی زیرصدارت ہونیوالے مذکورہ اجلاس میں درختوں کو لگانے کے حوالے سے جو باتیں ہوئی ہیں وہ اس سے قبل ہونے والی باتوں کا تسلسل ہے کیونکہ ہمیشہ مون سون کے موسم میں اس حوالے سے اجلاس ہوتے رہتے ہیں جن میں لاتعداد پودے لگانے کی بات ہوتی ہے۔اس سے ایسا لگتا ہے کہ جب اتنے زیادہ درخت لگ جائینگے تو پھر شہر تو سرسبز ہوجائے گا لیکن یہ صرف اجلاس کی حد تک ہی ہوتا ہے۔اس دوران لگائے جانے والے پودوں کی حفاظت نہیں کی جاتی جس کی وجہ سے وہ اپنی موت آپ مرجاتے ہیں۔درختوں کو سیراب کرنے کے لیے پانی کی شدید ضرورت ہوتی ہے جس کی کوئٹہ شہر میں شدید قلت پیدا ہوگئی ہے۔شہریوں کو پینے کا صاف پانی میسر نہیں ہے تو پھر درختوں کو پانی کہاں سے ملے گا؟۔

اس مقصد کے لیے حکومت کو عملی طور پر اقدامات کرنے ہوں گے چونکہ ہمارے ہاں نہری سسٹم نہیں ہے آبپاشی کا دارومدار بارشوں پر ہے لیکن یہاں ڈیمز نہ ہونے کے باعث بارشوں کا پانی ذخیرہ ہونے کے بجائے ضائع ہوجاتا ہے اگر اس کو محفوظ کرلیا جائے تو شجرکاری کو فائدہ ہوگا۔

CamScanner

Daily Balochistan Express Quetta

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظا مت اعلیٰ تعلقا ت عا مه
حکو مت بلو چستا ن

Daily: Balochistan Time Quetta

Bullet No. 6

Dated 05 SEP 2025

Page No. 23

# Encouraging organic farming

Last year the Balochistan provincial government had approved the Balochistan Organic Agriculture Policy 2024, which focuses on environmental sustainability, economic growth, and strengthening farmers` resilience to climate change. The move was expected to boost local biodiversity and food security and reduce reliance on imported organic cotton, saving millions of dollars in foreign exchange. In collaboration with WWF-Pakistan, Balochistan`s Agriculture Extension Department is working with 12,000 farmers across 95,000 acres to advance organic farming practices. In 2023-24, 67,067 acres of organic cotton were globally certified in key districts, including Barkhan, Lasbela, Kohlu and Khuzdar. The organic certification has been carried out by the Control Union certified under the NOP (USDA) and EU standards. This initiative represents a major milestone in promoting organic cotton production, offering a sustainable pathway to economic growth and reduces our dependency on imported materials.By empowering local farmers and managing over 95,000 acres of certified organic land, Balochistan it is hoped that sustainable farming in the province would thrive. Balochistan is well-positioned to become a leader in organic farming. Organic farming has the potential to revolutionize the economic landscape of Balochistan. This increased income can uplift rural communities, reduce poverty, and empower small-scale farmers. Additionally, organic farming can create employment opportunities in various sectors, including processing, packaging, and marketing, stimulating economic growth and development. Balochistan, like many regions, is vulnerable to the impacts of climate change. Organic farming practices, such as crop rotation, cover cropping, and composting, help mitigate climate change by sequestering carbon in the soil. By reducing reliance on fossil fuel-intensive inputs, organic agriculture can lower greenhouse gas emissions and contribute to a more sustainable future. Moreover, organic farming promotes biodiversity, which is crucial for ecosystem resilience and adaptation to climate variability. Organic farming, on the other hand, prioritizes the use of natural resources and minimizes chemical exposure. By consuming organic produce, consumers can reduce their intake of harmful residues and promote better health outcomes. Additionally, organic farming can enhance food security by promoting sustainable and resilient agricultural systems that can withstand climate shocks and other challenges. It is hoped that this move of the provincial government would boost local biodiversity and food security and reduce reliance on imported organic cotton, saving millions of dollars in foreign exchange.

CamScanner

GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

حکومت بلوچستان

Daily Balochistan Express Quetta

Bullet No. 6

Dated: 05 SEP 2025 Page No. 24

# Flood Control on High Alert

Decision to enforce Section 144 in Naseerabad and Sibi divisions of Balochistan must be seen as a timely and necessary step. With the looming threat of floods, the authorities have acted responsibly to safeguard canals, headworks, protective dams, agricultural systems, and most importantly, human lives. In a province where the memory of the 2010 floods still haunts communities, such preventive measures cannot be taken lightly. Under this order, there is a complete ban on cutting or damaging canals, water channels, headworks, and embankments. Similarly, no one will be allowed to divert or alter the natural flow of canal or flood water. Heavy machinery cannot be used on canals or embankments without proper authorization. Even setting up cattle sheds in restricted areas has been banned. These restrictions may appear strict, but they are vital for ensuring that the fragile irrigation and flood protection system of Balochistan is not weakened. Section 188 of the Pakistan Penal Code will also be applied against those who break the law. Such strong legal action may appear harsh, but in times of natural emergency, the line between carelessness and crime becomes very thin. A single act of negligence can put thousands of lives and properties at risk.

The government has made it clear that violations will not be tolerated. Offenders can be arrested without a warrant, and those guilty of damaging canal structures or obstructing official duties will face severe punishment under the Balochistan Canals and Drainage Ordinance. The enforcement of Section 144 will remain in place for 45 days. This period is critical as the region prepares to face possible heavy rains and water inflows. The border areas of Jafarabad, Usta Muhammad, Sahabpur, and Naseerabad are particularly vulnerable, as these districts lie in the path of floodwaters moving between Sindh and Balochistan. As part of the flood emergency plan, monitoring has been intensified from Pit Feeder 418 to RD 505, on the Kedi Branch, Kirthar Canal, Zero Point, and across the wider irrigation and drainage system. The establishment of 16 flood control centers, operating around the clock, provides some reassurance. These centers are responsible for tracking water levels, managing emergency response, and guiding local communities. Considering the devastation of 2010, when thousands were displaced and farmlands were destroyed, this continuous monitoring is crucial. Timely updates on water levels can help prevent panic and ensure orderly evacuation if necessary.

Floods are not just a natural disaster in Balochistan; they are a threat to food security and the economy. The province relies heavily on its canal and irrigation system to sustain agriculture in a mostly arid environment. If canals or embankments are damaged, the consequences will not be temporary they will last for years, undermining livelihoods and creating long-term instability. Therefore, protecting this system is not just about avoiding immediate disaster; it is about securing the future of the province. At the same time, the success of these measures will depend not only on the enforcement of laws but also on the cooperation of local communities. The public must understand that these restrictions are not meant to punish them but to protect them. Civil society, local leaders, and media should play their role in raising awareness. People need to be reminded that their safety, homes, and

CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No. 6

Dated: 05 SEP 2025 Page No. 25

# تربت پریس کلب: حکومت بلوچستان کا ایک شاندار اور تاریخی منصوبہ

**تحریر۔ چاکر بلوچ**

کیچ ضلع کا شہر تربت جو کوئٹہ کے بعد بلوچستان کا دوسرا بڑا شہر اور مکران ڈویژن کا ہیڈ کوارٹر ہے، اپنی تاریخی، ثقافتی اور تعلیمی حیثیت کے باعث ہمیشہ نمایاں مقام رکھتا ہے اس خطے میں صحافت اور میڈیا کا کردار نہ صرف مقامی سطح پر بلکہ قومی اور عالمی تناظر میں بھی انتہائی اہم رہا ہے ایسے میں تربت پریس کلب کی ترقی اور جدید تقاضوں کے مطابق اس کی توسیع وقت کی سب سے بڑی ضرورت بن چکی تھی فی الوقت تربت پریس کلب ایک محدود عمارت پر مشتمل ہے، جو صحافیوں، میڈیا ورکرز اور بڑھتی ہوئی پریس سرگرمیوں کے لیے ناکافی ہے روز بروز بڑھتی ہوئی صحافتی ضروریات نے تربت پریس کلب کے لیے ایک وسیع اور جدید طرز کی عمارت کی کمی کو شدت سے محسوس کروایا اسی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے حکومت بلوچستان نے تربت پریس کلب کی نئی عمارت کے لیے تقریباً ڈھائی کروڑ روپے کی خطیر رقم سے ایک شاندار منصوبے کا آغاز کیا ہے یہ اقدام اس بات کا عملی ثبوت ہے کہ صوبائی حکومت صحافت کی طاقت اور اس کے سماجی اثرات کو بخوبی سمجھتی ہے اور اس کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے اس منصوبے کے تحت تربت پریس کلب کو ایک جدید عمارت فراہم کی جائے گی جس میں وسیع دفاتر، کانفرنس ہال، میٹنگ رومز، میڈیا سینٹر اور دیگر تمام بنیادی سہولتیں شامل ہوں گی یہ سہولتیں نہ صرف صحافیوں کے لیے ایک بہتر ماحول پیدا کریں گی بلکہ صحافتی معیار کو بھی نئی بلندیوں تک لے جائیں گی چونکہ تربت بلوچستان کا دوسرا بڑا ضلع ہے، یہاں کے مسائل اور واقعات کی کوریج قومی اور عالمی سطح پر بھی انتہائی اہمیت رکھتی ہے ایک فعال اور جدید پریس کلب ان آوازوں کو مزید موثر طریقے سے دنیا تک پہنچانے میں سنگ میل ثابت ہوگا۔ اس منصوبے کی تکمیل کے بعد صحافی برادری اپنے فرائض بہتر انداز میں انجام دینے کے قابل ہوگی اور عوامی مسائل زیادہ توجہ کے ساتھ اجاگر کیے جاسکیں گے دراصل یہ منصوبہ آزادی اظہار رائے، جمہوری اقدار کی مضبوطی اور عوام کی آواز کو طاقتور بنانے کی طرف ایک تاریخی قدم ہے مقامی صحافیوں اور عوام نے بھی حکومت بلوچستان کے اس اقدام کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا ہے ان کے مطابق یہ منصوبہ نہ صرف تربت کی صحافت کو مضبوط بنائے گا بلکہ بلوچستان کی مجموعی صحافتی شناخت کو بھی نئی طاقت اور پہچان دے گا آخر میں کہا جا سکتا ہے کہ تربت پریس کلب کا منصوبہ حکومت بلوچستان کی ایک دوراندیش، سنجیدہ اور مثبت کاوش ہے یہ اقدام صرف ایک عمارت کی تعمیر تک محدود نہیں بلکہ صحافت کو ادارہ جاتی بنیادوں پر استحکام دینے اور بلوچستان کے روشن مستقبل کی ضمانت فراہم کرنے کی ایک شاندار کوشش ہے۔


CamScanner

# خوابوں کی تکمیل کے لئے
# کریں ہمیشہ قانونی راستے کا انتخاب

## خبردار!



- انسانی اسمگلنگ میں ملوث جرائم پیشہ گروہوں کے جھانسے میں نہ آئیں جو کہ نوجوانوں کو مشرقی ایشیائی ممالک میں (تھائی لینڈ، میانمار، لاؤس، ویتنام اور کمبوڈیا) آئی ٹی اور کال سینٹرز کی نوکریوں اور پرکشش تنخواہوں کا لالچ دیتے ہیں
- حقیقت میں، وہاں پہنچتے ہی نوجوانوں کو غیر قانونی سرگرمیوں، سائبر کرائمز اور دہشت گردانہ کارروائیوں پر مجبور کیا جاتا ہے
- انکار کی صورت میں تشدد، قید اور اہل خانہ سے بھاری تاوان کا مطالبہ کیا جاتا ہے



## اہم اعلان

- عوام سے التماس ہے کہ سمجھداری دکھائیں
- اپنی زندگی اور اپنے خاندان کو مصیبت سے بچائیں
- نوکری کی پیشکش ہو تو ہمیشہ مستند ذرائع سے تصدیق کریں
- دھوکہ باز عناصر کے جھانسے میں نہ آئیں
- کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کی اطلاع ایف آئی اے کو دیں

SS No. 13/04.09.2025

محکمہ اطلاعات | حکومت بلوچستان

www.dpr.gob.pk @dpr_gob